SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, December 04, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thiry five minutes past four in the evening with Mr. Acting Chairman (Mr. Humayun Khan Marri) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

وانا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوة الداع انا دعان فلیستجیبوا لی
ولیومنوا بی لعلھم یرشدون O

ترجمہ: اور (اے پیغمبر) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں۔ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیئے کہ میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تا کہ نیک رستہ پائیں۔

(سورہ البقرہ آیت 86)

QUESTIONS AND ANSWERS

*Mr. Acting Chairman: Question Hour, Question No. 32, Mr. Jamiluddin Aali.

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, December 04, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thiry five minutes past four in the evening with Mr. Acting Chairman (Mr. Humayun Khan Marri) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان فلیستجیبوا لی
ولیومنوا بی لعلھم یرشدون O

ترجمہ: اور (اے پیغمبر) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں۔ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیئے کہ میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تا کہ نیک رستہ پائیں۔

(سورہ البقرہ آیت 86)

QUESTIONS AND ANSWERS

*Mr. Acting Chairman: Question Hour, Question No. 32, Mr. Jamiluddin Aali.

32. *Mr. Jamiluddin Aali: Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) the extent of annual grant being provided to each Agricultural University of Pakistan for the purpose of research;

(b) the grant being provided for each student who is doing M.Sc. or Ph.D. in the said universities; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the Government to increase the said grant, if so, its details ?

Justice (Retd.) Syed Ghous Ali Shah: (a) The funds earmarked by the Agriculture Universities and University Grants Commission for research are as under:-

(Rs. in Million)

Name of University	Amount allocated by the University	Amount allocated U.G.C	Total
1. Sindh Agriculture University Tandojam.	Rs.0.72	Rs.0.525	Rs.1.245
2. Agriculture University, Faisalabad.	Rs.3.000	Rs.0.450	Rs.3.450
3. NWFP Agriculture University Peshawar.	Rs.1.720	Rs.0.450	Rs.2.170
Total:	Rs.5.140	Rs.1.425	Rs.6.865

(b) University Grants Commission awards substance allowance to graduate for a period of one year the following rates:-

(i) B.Sc. (Hons) Agri. for doing M.Sc. (Hons) Agriculture;

Rs.1200 per month.

(ii) M. Sc. (Hons) Agriculture for doing Ph.D.Rs.1800 per month.

(c) There is no such proposal.

Mr. Jamiluddin Aali: Sir, as you would see at the end of page No. 1, the total fund earmarked for this purpose is Rs.6.865. Of course, I don't want to speak much about it that how little and paltry it is but the question is that whether even this provision or allocation has been spent or what amount out of it has been actually spent because normally they make provisions, normally they make allocations but in the past, there it was found in respect of many academic institutions that the amounts and grants provided for were not spent and cheques came back and so on, I have got so many examples. So, my first question is this and my second question is that on page two you will see that rates of honorarium for graduates, B.Sc is Rs.1200 per month and for holding Master's degree is Rs. 1800 per month. I want to know from the honourable Minister as to when these rates have been decided.

Mr. Acting Chairman: Minister for Education.

Syed Ghous Ali Shah: Sir, both the questions put by the honourable Senator are quite new, they will not be covered under supplementaries. It is a different point that he is raising because it is very clearly said that we allotted the fund, allocations come either from the university or from the University Grants Commission. Then his second question is that when this amount was fixed up, I don't think this is the part of this question. It requires the fresh question and I will humbly reply as soon as fresh question is forwarded to us.

Mr. Jamiluddin Aali: Sir, in this very question, sir, this is my question, I may be allowed to ask supplementary. I thought that the Secretariat would have supplied the Minister with the figures because there has been senses that amount worth Rs.71 lacs, cheques amounting to 71 lacs issued by Academy of Letters under the Ministry of Education had been returned by the Banks. They have been dishonoured in the past few months. So, similar thing could have happened to this and the Minister would have known about that but I did not give a separate question. I think his assurance is enough that in one of the next sessions he would give detail to this House and sir, what about my question No. 2 as to when these rates, this 1200 and 1800 were fixed?

Mr. Acting Chairman: Minister for Education.

Syed Ghous Ali Shah: Mr. Chairman, sir, I think, I will have to enquire from the Ministry because to me it appears that these are purely fresh questions but still for the satisfaction of the honourable Senator, I will inquire and make a statement on the next date.

Mr. Acting Chairman: Khawaja Sahib:

Khawaja Qutabuddin: Thank you Mr. Chairman, in the last session we were discussing about education and the importance that we attach to education. The research amount allocated for Sindh Agriculture University, Faisalabad and Peshawar University is decimally poor, is very very low. There can hardly be any research in such an amount. Now that the Government would like to make a quantum leap in the Agriculture field, I would like to know that whether there is any programme or plan to increase the allocation or is there any plan to place more emphasis on agriculture research because in our neighbouring

countries there is tremendous amount of money being spent on research and they have become self sufficient in food, No.1. No. 2, supplementary is regarding sustenance allowance given to the students engaged in research work. Now sir, the basic rational and premise here of giving the sustenance allowance is that you retain very good students so that they should not go out and take employment. You give enough money to them so that they can maintain themselves and at the same time, pursue their research studies in various fields of education. So, with this paltry sum of 1800 how can you expect that M.Sc. to go for a Ph.D. courses?

This is the reason that we are not having enough good students to pursue the Ph.D. courses. So, I would like to have some comments from the honourable Minister whether he proposes to do anything about that?

Mr. Acting Chairman: Minister for Education.

Syed Ghous Ali Shah: Mr. Chairman, sir, as far as first question is concerned, there is a lot of weight. The honourable Senator has said that we being the Agricultural country, if we have got any programme. This Government of Pakistan Muslim League has realized it that we have to consider all these aspects and we are intending to give new Education Policy. This aspect will also be looked into if it is possible to have research in this amount. This will be considered. Every body knows that how many financial constraints we have got, we have a country which by the grace of God, we have hardly been saved from being declared defaulter. So, the whole emphasis is that let us be on our own feet but I personally feel that what the honourable Senator has said has lot of weight and we will definitely keep in mind what he has said today. As far as his

question No.2 is concerned, my request will be to appreciate that this is neither a scholarship nor understanding of covering on the expenses. This is actually a sustenance allowance that is "Guzara", a sort of assistance and that assistance can only be provided keeping in view the actual funds but we will again examine this also that whether this sustenance allowance will really serve any purpose. We will definitely reconsider it and review it and I hope that should be different because Mr. Aali was also right when he said that....because since his question, if he could have put in that question, we could have replied it...

جناب قائم مقام چیئرمین۔ ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میرا وزیر موصوف سے یہ سوال ہے کہ زراعت کے لئے سب سے زیادہ زمین، رقبے کے لحاظ سے بلوچستان میں ہے۔ آپ نے خود یہ جواب میں کہا ہے کہ ٹنڈو جام میں یونیورسٹی ہے، پشاور میں ہے، فیصل آباد میں ہے۔ کیا وزیر موصوف بتائیں گے کہ ان کے نقشے میں بلوچستان میں بھی، جہاں اتنی بڑی vast barren land پڑی ہوئی ہے، لاکھوں ایکڑ، کیا وہاں اس طر ح کی یونیورسٹی کی ضرورت نہیں ہے اور اگر یہ محسوس کرتے ہیں تو اس ہاؤس کو assurance دیں کہ کب وہاں اس طرح کی ایک یونیورسٹی، agriculture university بلوچستان میں بھی قائم کی جائے گی۔ دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ European Economic Committee کی طرف سے، جیسے پچھلی دفعہ ہمیں بتایا گیا کہ پچاس کروڑ روپے امداد کے طور بلوچستان میں کالج کے لئے دیئے گئے تھے اور اس وقت جو بلوچستان میں ایک زرعی کالج ہے، برائے نام، وہ ایک چھوٹے سے institute کے اندر موجود ہے۔ اب تک بلوچستان میں زرعی کالج کے لئے بھی کوئی ادارہ یا بلڈنگ موجود نہیں ہیں۔ تیسرا میں ان سے عرض کروں گا کہ بلوچستان سے ایم ایس سی یا پی ایچ ڈی کے لئے اب تک کتنے لوگ لئے ہیں۔ ایک طرف آپ کہتے ہیں آپ مقابلے کے امتحان میں بیٹھیں، دوسری طرف آپ تعلیمی ادارے نہیں دیتے ہیں تو اس کا جواب اس معزز ایوان میں ہمیں دیں۔

Mr. Acting Chairman: Minister for Education

ڈاکٹر صاحب بلوچستان کے حوالے سے assurance چاہتے ہیں۔

Syed Ghaus Ali Shah: Well sir, Dr. Sahib is definitely very much concerned about Balochistan and so all of us are concerned. We know that it is the biggest province from the area point of view, but question is that agriculture is only done where there is availability of water and it is known to everybody that there is a scarcity of water, but we personally feel that Balochsitan should get more attention . Only few days back, I had a discussion with the young Chief Minister of Balochistan and it has been agreed upon that whatever his requirement for his province are in the field of education, he will have a sitting with me, bringing all the proposals and I assure this House that when he meets me alongwith the proposals for the province of Balochistan, he will be taken care of and due attention will be given to it. As far as the two other questions are concerned , that this amount which has come , where it has been spent, how many people have come and have actually been given this facility of scholarship. For this, I will humbly submit that this is again a new question. It should come under a new question and I will definitely reply, satisfying the honourable Senator.

جناب قائم مقام چیئرمین۔ سینیٹر حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کے اس جواب سے مطمئن نہیں ہوں کہ بلوچستان میں پانی کی کمی ہے۔ Egypt نے صحرائے سینا کو future of the Egypt declare کر دیا جہاں پانی کی بوند تک نہیں ہے۔ Agriculture اور desert کو انہوں نے future of the Egypt declare کر دیا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ بلوچستان جس کی vast virgin land ہے اور آٹے کی جو crisis آئے تھے، گندم کی پیداوار کے حوالے سے even کیلی فورنیا کے حوالے سے بلوچستان کا ایک vast ساحل موجود ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کو اس

سے کھٹائی میں پڑ گیا ہے اور اس کے علاوہ الیارا پچھے ڈیم ہے ۔ اس کے علاوہ اور ایسے بھی چیک ڈیمز بنائے جا سکتے ہیں۔ اگر کمی ہے تو new hydle power policy کی کمی ہے بلوچستان کے حوالے سے اور جہاں تک یہ research کے لئے اتنا fund ٹنڈو جام ، فیصل آباد اور پشاور کے لئے رکھا گیا ہے ۔ ہمارے پاس اول تو یہ رقم انتہائی کم ہے۔ یہ صرف 6.8 million total بنتا ہے پاکستان کی سطح پہ، تین ہمارے صوبوں میں لیکن بلوچستان میں وہ جو لولی لنگڑی ایک institute ہے agriculture اس بےچارے کے لئے میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں اس کی reaserch کے لئے کوئی fund رکھا ہے یا نہیں ۔ لہذا، وزیر موصوف اس فلور پہ ہمیں assurance دیں کہ وہ بلوچستان میں new hydle power policy, agriculture policy بنائیں گے اور پانی کی-------

جناب قائم مقام چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی۔ جی Minister for Education۔

Syed Ghous Ali Shah: I have taken note of the observations of the honourable Senator and keeping in view we will examine it.

Mr. Acting Chairman: Yes please Kausar Sahib.

Syed Masood Kausar: It is new question to the honourable Minister because this is what he has been saying to all the questions. My question is, even if he does not have the answer now but I will just bring it to his notice that Pashto Academy in Frontier Province......have been promised a very meagre grant of hundred thousand rupees a year for several years and that is still outstanding and it is not being paid to the Pashto Academy. I would like to bring to the notice of the honourable Minister, will he take up this matter and try to ensure that the money is received by the Pashto Academy in Peshawar?

Syed Ghous Ali Shah: I will surely take up the issue.

Mr. Acting Chiarman: Next question 33.

33. *Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Communications be pleased to state the time by which the work on motorway from Gwadar to Dera Ghazi Khan will be started and completed?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Work on motorways from Gwadar to Ratodero and from D.G. Khan to Ratodero (as parts of Trans-Pakistan Motorway) is expected to start in 1998 and complete in the year 2000 (for an initial design of 2 lanes in each case).

Mr. Acting Chairman: Supplementary question?

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب چیئرمین! میں وزیر مواصلات سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ انہوں نے یہ جو باقی موٹر وے کا حصہ ہے ڈی جی خان سے نیچے جو سب سے کمزور ترین علاقے ہیں، جو رتو دیرو خضدار سے گزر کر نیچے جائے گا گوادر تک، ان کی انہوں نے صرف دو لین کا ڈیزائن مختص کیا ہے۔ اوپر چھ لین ہیں۔ میرے خیال میں پشاور اسلام آباد بھی چھ لین ہوگا تو ان بیچاروں کو دو لین پر کیوں ٹرخا رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی وزیر مواصلات۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب یہ ٹریفک volume کم ہونے کی وجہ سے ہے اگر volume بڑھے گا تو اس کی لین بھی بڑھ جائے گی۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میرے سوال کا جواب بالکل غلط دیا گیا ہے۔ اگر آپ نیچے جائیں ڈی جی خان سے کم از کم خضدار تک میں سمجھتا ہوں بہت ہی مصروف روڈ ہے اور یہ سندھ کے تقریباً تمام ایریا سے گزر کر جاتی ہے اس روڈ کی ٹریفک کسی بھی طور پر NHA سے کم نہیں ہے۔ میں وزیر موصوف سے اتفاق نہیں کرتا کہ جو کم از کم علاقہ Rajanpur down to Khuzdar یہ کم از کم، volume کے حساب سے ان کو ڈبل دے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی وزیر مواصلات۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب والا! اگر ٹریفک کا رش بڑھے گا تو کیرج

بھی بڑھ جائے گی لیکن فی الحال اتنا ہی رش ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی ڈاکٹر حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب چیئرمین! میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ گوادر رتو ڈیرو اور رتو ڈیرو ڈی جی خان روڈ 2000 تک مکمل ہو گی میرا ضمنی سوال ان سے یہ ہے کہ چائنیز کنٹریکٹر کے تحت خضدار کرخ تک یا کرخ اور جھل مگسی تک کوئی زیادہ سے زیادہ ساٹھ ستر کلومیٹر ہے۔اسی پر پچھلے دو سال سے کام ہو رہا ہے وہ ابھی تک نامکمل ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ بارشوں کے زمانے میں یہ سارا راستہ دو دو مہینے تین تین مہینوں کے لئے بند ہو جاتا ہے خاص طور پر خضدار کرخ اور جھل مگسی تک یہ علاقہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سندھ اور بلوچستان کو ملانے والی اور بالخصوص گوادر سے ملانے والی واحد روڑ ہے۔ گوادر ڈیپ سی پورٹ کا منصوبہ بھی ہے۔ ہم اس بات پر حیران ہیں کہ اتنے بڑے منصوبے پر اب تک توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔ میں اس معزز ایوان میں ان سے یقین دہانی چاہتا ہوں کہ یہ 2000 تک گوادر سے رتو ڈیرو، رتو ڈیرو ڈی جی خان تک کیسے مکمل کریں گے اور وہ بھی صرف دو لین ہیں جیسے میرے دوست نے کہا یہاں بھی چھ لین ہونی چاہیئے جب آپ سنٹر ل ایشاء سے تجارت کریں گے تو یہاں بہت ٹریفک ہوگی تو ابھی سے اس کے لئے کیوں چھ لین کا منصوبہ نہیں بناتے ہیں اور یہ فرق کیوں جب روڈ سندھ اور بلوچستان سے گزرتی ہے تو آپ اس کو وہاں دو لین کرتے ہیں جب پشاور اور پنجاب میں چھ لین ہوسکتی ہے تو یہاں دو کیوں ہیں یہاں بھی چھ لین ہونی چاہئیے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ وزیر برائے مواصلات۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب والا! دریائے سندھ پر تربیلہ بنا ہوا ہے اب ضروری تو نہیں کہ بلوچستان میں بھی تربیلہ بن سکتا ہے۔ میں پہلے ہی گزارش کرچکا ہوں کہ ابھی اتنا والیم نہیں ہے اور یہ جو کہہ رہے ہیں کہ 2000 تک کیسے بنے گا میں ان کی خدمت میں کچھ پیش کردوں کہ ہم نے پہلے DOP پر آفرکیا تھا لیکن اس پر خاطر خواہ جواب نہیں آیا اور پھر اس کو contractor supplies credit پر آفر کیا جس کے نتیجے میں تقریبا کوئی آٹھ کنکریٹ آفرز ملی ہیں 90/10 کی ایکوئٹی پر، اور ان کی offer کے مطابق بقول ان کے 2000 میں وہ اس کو مکمل کر سکتے ہیں۔ یہ ہائی وے شاداب رتو ڈیرو کو نکال کر 860 کلو میٹر کی ہے اور اس کو آٹھ سیکشنوں

سیکشنوں میں تقسیم کرکےان کا دعوٰی ہے کہ وہ دو سال میں مکمل کر سکتے ہیں ہمارا contract period بھی دو سال کا ہے۔

جناب محمد طاہر بزنجو۔ جناب والا! جیسا کہ honourable وزیر صاحب نے اپنے جواب میں تحریر کیا ہے کہ گوادر سے رتو ڈیرو وغیرہ پر موٹر وے وغیرہ کا کام شروع ہو گا۔ خدا کرے کے بلوچستان سے بھی موٹر وے کا کام شروع ہو ' حالانکہ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ سب سے پہلے بلوچستان سے ہی موٹر وے کی ابتداء ہوتی کیونکہ یہاں پر infrastructure road نہ ہونے کے برابر ہے ۔ 1998 میں تو موٹر وے کا کام شروع ہوگا لیکن وزیر صاحب سے میرا سوال ہے کہ پورالی ندی پل' جس کا ہم پہلے بھی اس معزز ایوان میں ذکر کرتے رہےہیں ' گزشتہ ڈھائی تین سال سے بند پڑا ہے جس کی وجہ سے مسافروں کو پریشانی کا سامنا ہوتا ہے۔بلوچستان سے کراچی آنے کا یہ واحد راستہ ہے۔ بلوچستان سے جو فروٹ آتے ہیں یادوسری چیزیں آتی ہیں ' یہ راستہ بند ہونے کی وجہ سے زمینداروں کو لاکھوں ' کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ لہذا یہ پورالی پل کب پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی ۔ جناب والا! میں یہ وضاحت کردوں کہ گوادر سے رتو ڈیرو یا ڈیرہ غازی خان موٹر وے نہیں ہے یہ single carriage dual lane highway ہے ۔ یہاں پر کچھ clerical mistake ہوگئی ہے ۔ یہ ہائی وے ہے جو عام سڑک ہوتی ہے ۔ چونکہ سوال موٹروے کا تھا اس لئے جواب اس طرح آگیا ہے 'حالانکہ موٹر وے نہیں ہے۔ motor way free access ہوتا ہے اور اس کی specifications الگ ہوتی ہیں ۔ وہ مختلف لوڈ کے لئے بنتا ہے ۔اور اس کے مطابق اس کو free access ہوتا ہے۔ یہ ہائی وے ہے single carriage dual lane جہاں تک پورالی کا سوال ہے ' اس سلسلے میں میں نے یہیں پر پچھلے مہینے وضاحت کی تھی اور میں نے گزارش کی تھی کہ اس میں کیا مشکلات پیش آئی تھیں اور اب ایک temporary relief دے چکے ہیں۔ اس پر already SKB contractors موجود ہیں اور ان کو ایک کروڑ روپے mobilization کے لئے بھی دے چکے ہیں۔ ان کا piling کا کام شروع ہے اور پھر launching شروع ہو جائے گی۔ اس پر already progress ہو رہی ہے۔

جناب تاج حیدر۔ جناب والا! میں آپ کی اجازت سے عرض کروں گا کہ کراچی اور

پشاور کے درمیان انڈس ہائی وے ، جس سے ان دونوں شہروں کا فاصلہ 859 کلو میٹر رہ جاتا تھا ' اس کی تکمیل دسمبر 1997 تک ہو جانی تھی۔ کیا وزیر صاحب بتانا چاہیں گے کہ اب کب تک ہم expect کرسکتے ہیں کہ یہ منصوبہ مکمل ہو گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ یہ انڈس ہائی وے آٹھ یا نو سو کلو میٹر نہیں ہے۔ یہ تیرہ سو کلو میٹر ہے ۔چار سو کلومیٹر جی ٹی روڈ سے کم ہے ۔ جی ٹی روڈ اس وقت سترہ سو ساٹھ کلو میٹر ہے کراچی سے طورخم تک۔ اس کے تین phases تھے OECF اس کو فنڈ کر رہی ہے ۔ اس میں ہماری % participation 20 ہے اور اس کے دو فیزز کے لئے او ای سی ایف کی طرف سے concurrence ہو چکی ہے۔ وہ under progress ہیں ۔ third phase کی concurrence ابھی شروع ہو رہی ہے تو جونہی ان کی implementation شروع ہوگی تو باقی حصہ بھی ختم ہو جائے گا۔ جو پہلے دو فیزز تھے ان کے completion times 1995 تھے وہ behind schedule ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔جناب خدائے نور صاحب۔

جناب خدائے نور۔ جناب والا! میں وزیر صاحب سے گزارش کروں گا کہ ژوب سے ڈیرہ غازی خان ' ڈیرہ اسماعیل خان بلکہ ڈیرہ اسماعیل خان کا جو دانہ سر تک علاقہ ہے' سڑک دونوں طرف بن چکی ہے۔ایک طرف بلوچستان کی حدود میں بھی اور وہاں فرنٹیئر کے حدود میں بھی کوئی 30 ,25 میل کا فاصلہ ہے جو کہ مدتوں سے ویسے ہی پڑا ہے اور یہ ایک واحد راستہ ہے جو کہ بلوچستان کو صوبہ سرحد سے بھی اور پنجاب سے بھی ملاتا ہے ۔ میں وزیر موصوف سے یہ پوچھوں گا کہ کیا یہ 30 ,25 میل کا فاصلہ جہاں پر تقریباً 5 ,4 گھنٹے لگتے ہیں سفر میں گاڑیوں کے۔ یہ سڑک بنے گی اور اگر بنے گی تو کب بنے گی اور اس وقت تک کیوں اس کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ کئی سالوں سے یہ ویسے ہی پڑی ہوئی ہے یہ میں دانہ سر کی سڑک کے بارے میں وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں ۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب ایک پہاڑی رینج کی وجہ سے ' عام contrators کے لئے وہ کام مشکل تھا۔ وہ Frontier Works Organization کو دیا ہوا ہے۔ NLC اور FWO مل کر اس کام کو کر رہے ہیں چونکہ وہ اس کام میں expert ہیں hilly tracks میں

اور انشاء اللہ وہ جلد سے جلد مکمل ہو گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب اگلا سوال نمبر 34۔

34. *Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Communications be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Jhang-Chiniot Road, Sargodha-Talib Wala road and Sambrial-Daska road are included in one contract package being financed by Asian Development bank, if so, the length of each road, the total estimated cost, the amount so far spent and the schedule time by which each road will be completed;

(b) the names of foreign companies constructing the said road;

(c) the additional expenditure to be borne by Pakistan if these roads are not completed within the scheduled time; and

(d) the details of consultancy expenses and the supervision charges of each road indicating also the names of the supervising agencies?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: (a) Yes, these roads are part of a single contract package No. CP-1 which is being financed by the Asian Development Bank (ADB) under the Provincial Highway project being executed by the Provincial Governments. The length of each road with total estimated cost, amount paid today and scheduled completion is given in Annex-A.

(b) M/s. Hanbo Steel and General Construction Co., of South Korea are constructing the said roads.

(c) Additional expenditures due to delays would depend on material escalation trend of the future.

(d) The details of Consultancy expenses for each road and name of

the supervising agencies is given in Annex-B.

Annex-A

Name of Road	Length (KM)	Est. Cost Rs. Million	Amount Spent/ Verified Todate	Time of Completion			Remark
				Original	*Contract	Anticipated	Physical Progress
Jhang—Chiniot	80.2	719.05	623.57	Jun. 1997	Nov. 1997	Substantially Completed	96%
Sargodha—Talibwala	42.8	411.50	124.54	Jun. 1997	Nov. 1997	May 1998	31%
Sambrial—Daska	15.5	118.85	24.89	Jun. 1997	Nov. 1997	March 1998	17%
Total :	135.8	1,249.4	773.00				66%

*Completion date was extended by five months, since the areas were not initially available for work mainly due to standing obstructions like trees and utilities.

Annexure-B

CONSULTANCY SUPERVISION CHARGES AND NAMES OF THE

SUPERVISING AGENCIES

(1) Coordinating Agency. National Highway Authority, Islamabad.

(2) Executing Agency/Client Communication and Works Department, Punjab.

(3) Supervisory Consultants. Expatriates (Lead Consultants).

(i) M/s. Italconsult S.P.A.(Italy) in joint Venture with.

(ii) M/s. WS Atkins International (U.K.) In association with Local Consultants.

(i) M/s. Engineering Consultants Int. Ltd.

(ii) M/s. Republic Engineering Corp.

(iii) M/s. Loya Associates.

*M/s Republic Engineering Corporation are the local consultants responsible for the Supervision of the subject contract package No.1.

(4) Consultancy Supervision Expenses: in US Dollars and Pak. Rupees are as under:-

	Jhang	Chiniot	Sargodha	Talibwala	Symbrial	Daska	Total	
	S	Rs.	S	Rs.	S	Rs.	S	Rs.
Contract Cost (Approx.)	263.000	18,750,000	150.000	10.500.000	75.000	5.280,000	188.000	34.539,000

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ ضمنی سوال۔ جناب والا! میں نے اس سوال میں تین سڑکوں کے متعلق دریافت کیا تھا جھنگ۔ چنیوٹ روڈ ، سرگودھا۔ طالب والا روڈ اور سمبڑیال۔ ڈسکہ روڈ یہ ایشین ڈیویلپمنٹ بنک سے قرضے پر سڑکیں بنائی جا رہی ہیں اور ان کی لاگت 90 لاکھ روپیہ per kilometer ہے اور 90 لاکھ روپیہ per kilometer ہونے کے علاوہ delay ہو چکا ہے اور اس delay میں کیوں کہ انہوں نے مکمل ہونا تھا November, 1997 میں اور delay ہوچکا ہے اور delay کے میں نے اخراجات پوچھے تھے اس کے over and above کیا ہوں گے وہ نہیں بتائے گئے کہ وہ جو اخراجات ہیں وہ کس معیار سے دیں گے اور اس 90 لاکھ کے علاوہ ہمیں کتنا دینا پڑے گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب والا! یہ 165 ملین ڈالر کا loan ہے Asian Development Bank کا اور improvement, upgradation of roads کے لئے اس کے چھ contracts ہیں۔ تین پنجاب میں ہیں، ایک frontier میں ہے، ایک Balochistan میں ہے، ایک سندھ میں ہے۔ لیکن ہم فیڈرل گورنمنٹ Ministry of Communications صرف coordinator ہے۔ یہ صوبائی حکومت کے C&W Department اس کو کر رہے ہیں تو tendering بھی انہوں نے کی ہے ، ٹھیکہ بھی انہوں نے دیا ہے تو پتہ نہیں 90 لاکھ میں دیا ہے ، زیادہ دیا ہے ، نہیں دینا چاہئے تھا ۔ ہم صرف coordinator ہیں۔ یہ صوبائی حکومت کروا رہی ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! دوسرا supplementary یہ پوچھنا چاہتا ہوں

کہ اس کی supervisory expenses جو ہیں وہ 18000 dollars ہیں اور وہ سارے foreign companies کو آپ نے دیئے ہوئے ہیں۔ آپ کا communication network صوبوں میں بھی موجود ہے Centre میں بھی موجود ہے تو پھر کیا ہے کہ آپ نے یہ consultancies باہر کے ملکوں کو دی ہوئی ہیں اور 18 ہزار ڈالر supervisory expenses ہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب والا! میں پہلے ہی گزارش کر چکا ہوں کہ ہم صرف coordinators ہیں اس کی execution اور implementation صوبائی حکومت کر رہی ہے C&W Department کے through صوبائی حکومت نے یہ consultancy دی ہو گی۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب یہ جو Asian Development Bank کے قرضے ہیں یہ فیڈرل گورنمنٹ کی منظوری سے، کیا Federal Government کی intervention کے بغیر ہی پنجاب گورنمنٹ نے لے لئے ہوں گے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب! ہم صرف coordinator ہیں باقی execution, implementation صوبائی حکومت کر رہی ہے۔ بھنڈر صاحب میں گزارش کروں گا البتہ میں بھی صوبائی گورنمنٹ سے پوچھ لوں گا اگر آپ چاہتے ہیں پنجاب سے، سندھ سے اور بلوچستان سے ان سے پوچھ لوں گا لیکن یہ اگر وہاں put up ہوجائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ سر انجام خان صاحب۔

جناب سر انجام خان۔ جناب میں وزیر صاحب سے یہ معلوم کرنا چاہوں گا کہ یہاں سے حسن ابدال تک تو ڈبل روڈ چالو ہے لیکن حسن ابدال سے آگے اٹک تک تقریباً مکمل ہو چکی ہے۔ بعض جگہ کچھ culverts ہیں تو جناب یہ فرما دیں کب تک یہ ختم ہو جائے گی کیوں کہ تقریباً ایک سال سے یہی پوزیشن ہے اور اس پر کام نہیں ہو رہا۔

دوسرا میرا سوال یہ ہے کہ درگئی سے کالام تک جو سڑک ہے جس کو ڈبل ہونا تھا کیا وہ پروگرام ہے اور اگر ہے تو اس پر کام کب شروع ہو گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی ۔ بڑا لمبا فاصلہ ہے جناب حسن ابدال سے کالام تک ۔ جناب یہ کالام حسن ابدال نہیں ہے یہ چپلاٹ نوشہرہ ہے additional carriage way کی بات کر رہے ہیں۔ اس پر Chinese contractors تھے لیکن پچھلے تین سالوں سے چوں کہ funding

نہیں ہوئی N-V جی ٹی روڈ پر لہٰذا انہوں نے کام چھوڑ دیا تھا اور ان کے کچھ IPCs pending تھے۔ سات کروڑ روپے کے قریب بل ان کے رہتے تھے۔ جس میں سے پانچ کروڑ روپے ان کو دیئے جا چکے ہیں اور ان کو کہہ دیا گیا ہے کہ اب وہ mobilize ہوں۔ جس پیچ کا آپ ذکر کر رہے ہیں کہ وہ سڑک بن چکی ہے، جی ہاں ضرور بن چکی ہے لیکن اس میں جگہ بہ جگہ شولڈرز ابھی complete نہیں ہوئے ہیں اور جب تک shoulders نہ ہوں اس وقت تک ٹریفک کے لئے ذرا خطرناک ہوتا ہےکیونکہ کہیں پر چھ انچ اور کہیں پر ایک فٹ کا فرق ہوتا ہے اور حادثے کا زیادہ احتمال ہوتا ہے۔ جوں ہی shoulders complete ہوجائیں گے، اس پیچ کو کھول دیا جائے گا ٹریفک کے لئے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب سرانجام خان۔

جناب سرانجام خان: جناب یہ جو حسن ابدال سے اٹک تک ہے یہ کب تک مکمل ہو جائے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب! وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ کب تک آپ اس کو expedite کریں گے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: میں نے گزارش کی تھی کہ وہ contractors mobilize نہیں ہوئے دوبارہ۔ جوں ہی mobilize ہوجائیں گے تو کام شروع ہوجائے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب بھنڈر صاحب سپلیمنٹری۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ بتایا گیا ہے کہ دو سڑکیں جو ہیں، یہ سرگودھا طالب والا، اس کا صرف 31% کام مکمل ہوا ہے۔ دوسری جو سمبڑیال اور ڈسکہ روڈ ہے، یہ میرے علاقے کے قریب سے گزرتی ہے، اس کا صرف 17% جناب والا مکمل ہوا ہے اور معیاد گزر چکی ہے۔ سو فیصد جو کام ہونا تھا وہ نومبر 1997ء تک ہونا تھا اور ابھی 17% اور 31% ہوا ہے۔ کیا وزیر مواصلات اس کے متعلق غور فرمائیں گے اور کوئی ہدایات فرمائیں گے کہ یہ کام جلد سے جلد ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں پہلے ہی گزارش کرچکا ہوں کہ اس کو صوبائی حکومت execute کر رہی ہے' انہوں پوچھ لیا ہے لیکن یہ میرا concern نہیں ہے' لیکن چونکہ میں تھوڑا بہت جانتا ہوں تو جواب دے دوں گا۔ وہ اس لئے کہ سرگودھا طالب والا جو سیکشن ہے اس پر درخت ہٹانے کا کوئی مسئلہ آیا۔ پچھلی حکومت میں کچھ ماحولیات کے سلسلے میں وہ درختوں کو کاٹنے نہیں دے رہے تھے' لہذا اس میں وقت لگا اور پھر جب وہ درخت کٹے تو دیر سے کام شروع ہوا اس لئے 31% ہوا۔ جو دوسرا ڈسکہ سمبڑیال روڈ کی آپ بات کر رہے ہیں وہ اربن روڈ ہے' اس پر ٹریفک بہت زیادہ ہے' غالباً اس وجہ سے اس کے شروع ہونے میں دیر ہوئی لیکن چونکہ میرا concern نہیں ہے' میں اس کو look after نہیں کر رہا' اور یہ صوبائی حکومت کر رہی ہے تو مجھے صحیح معلومات حاصل نہیں ہیں۔ آپ کہیں تو میں صوبائی حکومت سےمعلومات حاصل کرلوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی آپ ان سے پوچھیں اور پھر بتائیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ وہاں پر کسی ایم پی اے سے کہہ دیں وہ put up کر دیں گے سوال' جواب آ جائے گا۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب میں تو یہاں پر فیڈرل گورنمنٹ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی مسئلہ ہے صوبائی حکومت کا بھی تو فیڈرل گورنمنٹ اس میں direction جاری کر سکتی ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: یہ صوبائی خود مختاری میں مداخلت ہو گی' لیکن پھر بھی میں ان سےمعلومات حاصل کرلوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب جاوید عباسی۔

حاجی جاوید اقبال عباسی: جناب میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ ہری پور چھپر روڈ یہ FWO والوں نے بنائی تھی اور اس کی حالت اس وقت انتہائی ناگفتہ بہ ہے۔ تربیلہ ڈیم بننے کے بعد سینٹرل گورنمنٹ کو تربیلہ ڈیم سے اربوں روپے کی انکم ہو رہی ہے۔ آیا وزیر مواصلات' ہمارے مہربان ہیں' کیا یہ بتائیں گے کہ یہ کون سا محکمہ' آیا واپڈا والے اس سڑک کو ٹھیک کریں

گے یا یہ وزیر مواصلات صاحب سینٹرل گورنمنٹ کی طرف سے کوئی فنڈ دیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! ہماری نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے پاس حسن ابدال سے خنجراب تک کی سڑک ہے۔۔۔۔۔۔

(اس موقع پر اذان کی آواز سنائی دی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: اجلاس دس منٹ کے لئے ایڈجرن کرتے ہیں۔

(The House adjourned for ten minutes to meet again)

(نماز مغرب کے بعد اجلاس دوبارہ جناب قائم مقام چیئرمین(میر ہمایوں خان مری) کی زیر صدارت شروع ہوا)

جناب قائم مقام چیئرمین ۔جی۔

حاجی جاوید اقبال عباسی - جناب والا! ضمنی سوال کا جواب دے رہے تھے اعظم ہوتی صاحب۔

جناب قائم مقام چیئرمین - اچھا ضمنی سوال تھا۔ جی منسٹر صاحب سپلیمنٹری سوال کا جواب دیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی - جناب am sorry sir وہ واپڈا نے بنوائی تھی FWO سے ہماری کمیونیکیشن کا کنسرن تو نہیں ہے لیکن I can always expedite this, I will follow it. It is not our road, it is a provincial road.

جناب قائم مقام چیئرمین - وہ کہہ رہے ہیں کہ ہمارا۔۔

حاجی جاوید اقبال عباسی - جناب یہ مسئلہ جس طرح یہ کہہ رہے ہیں ٹھیک کہہ رہے ہیں لیکن تربیلہ ڈیم بننے کےبعد وہاں لاکھوں کی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے 84 گاؤں اُجڑے اور سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے واپڈا نے وہ سڑک بنائی تھی۔ اس کی حالت اس وقت انتہائی ناگفتہ بہ ہے - اب ہمارے سامنے تو وزیر موصوف ہی ہیں یہ ان کو کہہ سکتے ہیں اور ان لوگوں کا حق بھی بنتا ہے کہ تربیلہ کی اربوں روپے کی آمدن سنٹرل گورنمنٹ آف پاکستان واپڈا

وصول کر رہا ہے تو کیا وجوہات ہیں کہ ان لوگوں کو ذرائع آمدورفت کی سہولت بھی اگر مہیا نہ کی جائے، تو یہ زیادتی نہیں ہے تو کیا ہے۔ اس کے لئے میں وزیر موصوف سے، ہمارے بزرگ بھی ہیں، بھائی بھی ہیں ان سے request کروں گا کہ وہ واپڈا والوں کو مجبور کریں کہ وہ سٹرک کو ٹھیک کرنے کے لئے اور مرمت کے لئے آرڈر کریں چونکہ کروڑوں اربوں روپے تربیلہ جھیل سے اب وصول کررہی ہے سنٹرل گورنمنٹ یہ میرا سوال ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین ۔ ٹھیک ہے، جی۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ میرا وزیر موصوف صاحب سے ضمنی سوال یہ ہے کہ جناب یہ لاہور راولپنڈی جی ٹی روڈ سیکشن جو ہے اس پر ٹو وے کام ہو رہا ہے، کیا یہ بتانا پسند فرمائیں گے کہ یہ کب مکمل ہو گا لاہور راولپنڈی کے درمیان جو جی ٹی روڈ سیکشن ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین ۔ جی منسٹر فار کمیونیکیشن

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب والا! کھاریاں سے لاہور تو complete ہے اور کھاریاں سے راولپنڈی تک بھی تقریباً گوجر خان تک dual carriage مکمل ہے پھر آگے تھوڑا رہ گیا ہے وہ NLC کا کنٹریکٹ ہے اور ان کو فنڈز کی وجہ سے، جیسا میں نے کہا کہ جو پراجیکٹ رہ گئے تھے اس میں بھی پرابلم آرہی تھی ۔ ابھی ان کو funds release کر دیئے ہیں ۔ جو باقی ماندہ کام ہیں وہ ختم کر دیں گے اور کوشش یہ ہے کہ 1998 میں جیسے بھی ہوں یہ مکمل ہو جائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی قطب الدین صاحب ۔

خواجہ قطب الدین۔ جناب والا! انہوں نے یو ایس ڈالرز 188 ہزار کا بتایا ہے but I think, if we total it, it scales the half a million dollars.

Muhammad Azam Khan Hoti. I think, you have mistaken it .

ایشین ڈیویلپمنٹ بنک کا تھا ۱۶۵ ملین ڈالر۔

خواجہ قطب الدین ۔ نہیں جناب! جو consultancy فیس آپ نے یہاں دی ہوئی ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی ۔وہ میں پہلے گزارش کر چکا ہوں کہ

we are the coordinating agency .

Khawaja Qutabuddin:But I am only pointing , you have given total as 188000 US dollars

Muhammad Azam Khan Hoti- We have taken note of them

چوہدری بھنڈر صاحب نے بھی کہا ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی اگلا سوال نمبر 35 چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب ۔

*35. Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state:

(a) the number of War affected Pakistanis in Kuwait;

(b) whether it is a fact that the United Nation's agencies have already approved the claims of 34422 claimants and made the payments to POF;

(c) whether it is also a fact that P.O.F. has not paid the compensation to the claimants so far, if so, the reason thereof;

(d) the procedure for disbursing the compensation to the War-affected Pakistanis in Kuwait; and

(e) the number of the claimants whom compensation has, so far, been given by the Overseas Pakisani Foundation?

Shaikh Rashid Ahmed: (a) About 61000 Pakistani workers were affected during Kuwait-Iraq War, 1990.

(b) U.N.C.C. has approved the claims of 35,085 Pakistanis. Out of these, compensation for 9102 affectees has been received by O.P.F. in two instalments.

(c) No.

(d) On receipt of payment from UNCC, the beneficiaries are

informed by OPF. After verification of their papers, cheques are handed-over to the claimants.

(e) 3,857 claimants have been paid by OPF. Payment of 4930 claimants is being disbursed.

جناب قائم مقام چیئرمین۔ کوئی ضمنی سوال ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! میں نے اس سوال میں یہ دریافت کیا تھا کہ ۱۹۹۰ کی عراق اور کویت کی جنگ میں جو پاکستانی کویت میں مقیم تھے ان میں سے کتنے متاثر ہوئے تھے ۔ جواب دیا گیا ہے کہ ۶۱ ہزار متاثر ہوئے تھے اور ان میں سے compensation کتنے آدمیوں کی یونائیٹڈ نیشن سے approve ہوئی' وہ ۳۵ ہزار ہے اور جناب والا! ملی کتنے کو ہے' جناب! وہ 9102 ہیں۔ جناب والا! میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ بھی ابھی تک سب کو ملی نہیں ہیں' تو جن کو نہیں ملی ہے ، ان کے متعلق او پی ایف ان کی بقایا جات کی ادائیگی کے متعلق یا ان سارے متاثرین کو compensation دلوانے کے متعلق کیا اقدام کر رہی ہے جبکہ سات سال گزر چکے ہیں اور سات سال میں 61000 ہزار متاثرین میں سے ابھی تک صرف 9000 ہزار کی ادائیگی بھی مکمل نہیں ہوئی ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی وزیر برائے لیبر صاحب۔

شیخ رشید احمد ۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب! جناب 61 ہزار متاثرین تھے جب ہم نے ایک سسٹم نکالا تھا کہ جو لوگ متاثر ہو کر آئے ہیں on the border ان کو 6 ہزار روپے دیتے تھے تاکہ وہ اپنا گزارہ وغیرہ کر سکیں یا جو ان کا travelling expenditure ہے 'وہ کر سکیں ۔ جو ٹرانسپورٹ تھی ، اس کو کلیئرنس دیتے تھے ۔ 45 ہزار لوگوں نے کلیم داخل کئے تھے ۔ ہم 45 ہزار کا کلیم لڑ رہے ہیں ، جن میں سے 35186 کا تقریباً یہ کلیم accept ہو گیا ہے اور اس میں سے ۹ ہزار اور کچھ لوگوں کے پیسے 23 ملین ڈالر ہمیں موصول ہو چکے ہیں ۔ یہ ہم نے اپنی جیب سے تو دینے نہیں ہیں' یہ جو ڈونر ایجنسی ہے ' اس نے ابھی تک تقریباً 10 ہزار لوگوں کے پیسے دیئے ہیں جو کہ تمام لوگوں کو دیئے جا رہے ہیں اور یہ دو سال کا process ہے ۔ دو سال تک انشاء اللہ یہ جن 35 ہزار لوگوں کا کیس accept ہو گیا ہے اور جو 10 ہزار جن کا ہم کیس لڑ رہے ہیں ۔

یہ دونوں process انشاء اللہ دو سال کے اندر مکمل ہو جائیں گے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی جناب بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! آج سے دو سال یا شروع سے دو سال تھے ۔ جناب ! سات سال تو اس compensation کو گزر چکے ہیں ۔

شیخ رشید احمد ۔ جناب والا! آج کے بعد دو سال کیونکہ انہوں نے کہا تھا کہ دس کے اندر یہ ادائیگی ہو گی ۔میں نے بتا دیا ہے کہ دو سال ابھی رہتے ہیں ۔دو سال کا انہوں نے وعدہ کیا ہے ۔ یو ۔این ایجنسی نے ہمیں دو قسطیں دی ہیں ۔انہوں نے کہا ہے کہ دو سال کے اندر اندر باقی قسطیں مکمل دی جائیں گی۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔جناب والا! کیا آپ اس سے مطمئن ہیں کہ دو سال میں بقایاجات مل جائیں گے ۔

شیخ رشید احمد ۔ جی جنہوں نے دینے ہیں ' اگر انہوں نے دئیے تو وہ ہم دے دیں گے ۔ جھوٹ بولنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر ۔جناب! افسوس ناک سی صورت حال ہے ۔ ایک تو بہت کم لوگوں کو معاوضہ ملا ہے ۔ میں یہ چاہوں گا کہ وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ جن لوگوں کو پہلے ادائیگی ہوئی ہے' ان کو کیوں پہلے ادائیگی ہوئی ہے ؟ ان کا کیا criterion تھا کہ کچھ لوگوں کو پہلے ادائیگی ہو گئی ہے اور کچھ لوگوں کو بعد میں ادائیگی ہوئی ہے ۔ کیا اس میں کوئی محکمے کی ملی بھگت تو نہیں ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی وزیر برائے لیبر۔

شیخ رشید احمد۔ جناب والا! اس میں محکمے کی کوئی ملی بھگت شامل نہیں ہے ۔ بعض cases ایسے ہیں جن کی ہم نے سات کیٹگری بنائی تھیں ۔ اے' بی 'سی 'ڈی 'ای' ایف ۔ ایف تو last تھی ۔ وہ تو گورنمنٹ کا تھا ۔ اس کا تو مجھے معلوم نہیں ۔ کیا اس کا کلیم تھا اور کیا اس کا فیصلہ ہوا۔ سی میں جو 46 کیسز death کے تھے۔ ہم نے پہلی کیٹگری 2500 ڈالر تک بنائی تھی۔

ہم نے دوسری کیٹگری 5 ہزار ڈالر تک بنائی ہے ۔ تیسری، ظاہر ہے جو ایجنسیز ہیں ، وہ چھوٹے چیک پہلے بھیجتی ہیں لیکن ہماری اس میں کوئی مداخلت نہیں ہے ۔ ہم نے 45 ہزار کے 45 ہزار کیسز بھیجے ہیں ۔ انہوں نے کیس ٹو کیس چیک کئے ہیں ۔ اس میں سے انہوں نے 35 ہزار کیسز کو accept کیا ہے ۔ جس، جس حساب سے وہ پیسے بھیج رہے ہیں، mostly وہ چھوٹے چیک پہلے بھیج رہے ہیں لیکن انہوں نے death کے 46 افراد کے پیسے بھیجے ہیں ۔ یہ ان کا اپنا فیصلہ ہے کہ وہ کیا کر رہے ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ سپلیمنٹری خواجہ صاحب۔

خواجہ قطب الدین۔ جناب چیئرمین ! میں معزز وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جتنے بھی effecties تھے وہ mostly skilled workers ہیں یا اس میں سے کچھ تعداد unskilled ہے۔ یہ اپنا سب کچھ لٹا کر پاکستان واپس آئے ۔ اب وزیر اعظم صاحب نے سکیم شروع کی ہے کہ جو بیروزگار لوگ ہیں ان کو ایک ایک لاکھ روپے personal guarantees پر loan دیا جائے گا تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو claims United Nations accept کرتی ہے، پھر دو سال تک لوگ ٹھہرے رہیں اور پھر inflation اس claim کو کھا بھی جائے گا ; کافی کم amount ملے گی، لیکن لوگوں کو ضرورت ابھی ہے۔ اگر گورنمنٹ آف پاکستان کوئی ایسی سکیم سوچے یا اس بات پر غور کرے کہ جو accepted claims ہوں وہ لوگ لا کر گورنمنٹ کے پاس اپنے claims mortgage کریں یا deposit کریں اور against that جو accepted claim ہیں ، گورنمنٹ کوئی 90, 80,70 فیصد ان کو advance کرے تا کہ وہ فوری طور پر اپنے آپ کو rehabilitate کر سکیں۔ اگر یہ ہو گا تو میرے خیال سے یہ جو skilled workers ہیں یا جو پڑھے لکھے لوگ ہیں اپنے آپ کو rehabilitate کر سکیں گے اور حکومت کی جو پالیسی ہے کہ لوگوں کو self employment کا موقع دیں اس میں بھی بہت کچھ پیشرفت ہو گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی منسٹر فار لیبر۔

شیخ رشید احمد ۔ شکریہ جناب چیئرمین! ایک تو ہمارے پاس ابھی ایسی کوئی اسکیم نہیں ہے۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ یہ فوری طور نہیں تقریباً سات سال ہو چکے ہیں ۔ تیسری گزارش یہ ہے کہ mostly لوگوں کے جو ہمارے پاس claims آئے ہیں ہم ان کو inform بھی

کر رہے ہیں اور mostly دوسرے ملکوں میں بھی جا چکے ہیں۔ اس وقت تقریباً 4000 لوگوں کے ہمارے پاس claims آئے ہیں اور hardly سو لوگ لینے کے لئے آ رہے ہیں ۔ اس لئے ہم نے ان کی Embassies کو یہ اجازت دی ہے کہ اگر وہ Embassies کے ذریعے بھی ہم سے پیسے لینا چاہیں یا پاکستان میں اپنا کوئی attested مختار نامہ دیں تو اس کو بھی ہم پیسے دینے کے لئے تیار ہیں۔ تو جن کو آپ سمجھتے ہیں فوری طور effected ہیں ' میں یہ رائے رکھتا ہوں کہ یہ چار ہزار کے چار ہزار لوگ جس طرح سے ہم نے لوگوں کو telegrams دیئے ہیں intimations دی ہیں ' اس لئے اب ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اگر مقامی پاکستانی کو کوئی مختار نامہ attested دیں گے تو اس کو بھی ہم پیسے دے دیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی ڈاکٹر صفدر علی عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میرا شیخ صاحب سے سوال یہ ہے کہ ایک تو kindly یہ بتا دیں کہ یہ جو 35 ہزار کے claims ہیں ان میں total amount wise کتنا compensation ہے اور یہ جو بات ہو رہی ہے کہ جی inflation ہو رہا ہے تو اس لحاظ سے میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آپ یہ amount ڈالر میں دے رہے ہیں یا rupees میں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی منسٹر صاحب۔

شیخ رشید احمد ۔ اس کی payment dollars میں آ رہی ہے اس لئے اس کا تو میں نے مناسب نہیں سمجھا ۔ جہاں تک یہ گزارش ہے کہ total amount کتنا ہے میں آپ کو کل بتا دوں گا میرے پاس اس وقت information نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ اگلا سوال نمبر 36 ' چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب۔

36. *Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Pakistani Overseas Foundation has formulated schemes for giving plots to the Overseas Pakistanis in different cities of Pakistan, if so, the name of the scheme, its location, the total number of the plots and the plots so far allotted; and

(b) the steps being taken by the Foundation for allotment of the remaining plots to the applicants?

Shaikh Rashid Ahmed: (a) Yes; it is a fact that the Overseas Pakistanis Foundation has formulated schemes for giving plots to the Overseas Pakistanis in different cities of Pakistan. Detail is attached at Annex-"A".

(b) Allotment of remaining plots is regularly advertised in OPF magazine Yaran-e-Wattan.

Annex-"A"

S.No.	Name of Housing Scheme with Location	Total No.of Plots	Plots so far allotted
1.	OPF Housing Scheme, Cittarpari Mirpur, (AJK)	3084	2881
2.	OPF Housing Scheme, Raiwind Road, Lahore		
	(i) Phase-1	1644	1551
	(ii) Extension*	135	128
	(iii) Phase-II (Country Homes)	88	05
3.	OPF Housing Scheme, Bhimber Road Gujrat	276	267
4.	OPF Housing Scheme, Naudero Road Larkana	452	452
5.	OPF Housing Scheme, Budhani Road Peshawar.	717	686
6.	OPF Housing Scheme, Sheikhupura	951	354

	Road Faisalabad.		
7.	OPF Housing Scheme, Moro Road, Dadu.	454	308
8.	OPF Housing Scheme, Zone-V, Islamabad.	740	697

*Plots only in Block 'E' have been allotted, while the rest in other Blocks are yet to be designed.

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی انور بھنڈر صاحب سپلیمنٹری ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب والا! میں نے اس سوال میں یہ دریافت کیا تھا کہ سمندر پار جو پاکستانی مقیم ہیں ان کو دینے کے لئے یا ان کی آباد کاری کے لئے یہاں پاکستان میں کتنے plots reserve کئے گئے ہیں، اس میں فاضل وزیر صاحب جانتے ہی ہوں گے کہ تعداد ہزاروں لاکھوں میں ہو گی، تو یہ plots چھ ہزار بنتے ہیں جو ان تمام بیرون ملک لینے والے پاکستانیوں کے لئے رکھے گئے ہیں۔ کیا یہ تعداد ان کی تعداد کے پیش نظر بہت تھوڑی نہیں ہے اور ان کی آباد کاری کے لئے حکومت مزید کیا اقدامات کرے گی اور ان پلاٹوں کو دوسرے شہروں میں خاص طور پر مجھے گوجرانوالہ کے متعلق معلوم ہے کہ بہت سے پاکستانی غیر ممالک میں گئے ہوئے ہیں اور سرمایہ بھی بھیجتے ہیں تو نہ سیالکوٹ میں ، نہ شیخوپورہ میں ، نہ گوجرانوالہ میں کوئی ایسی اسکیم ہے ۔ کیا جناب اس پر کچھ فرمائیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی منسٹر صاحب۔

شیخ رشید احمد ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہت اچھا سوال ہے۔ اسی مسئلہ سے بچنے کے لئے ہم نے Overseas Convention میں فیصلہ کیاہے، پرائم منسٹر صاحب نے ہمیں اسلام آباد میں ایک سیکٹر دیا ہے۔ میں ان سے درخواست کر رہا ہوں کہ ایک سیکٹر اور دیں ، اس منسٹری کا کام کمیشن ایجنٹی نہیں ہے، اس کا یہ کام نہیں ہے کہ جائیدادوں کی خریدو فروخت کرے۔ اب اس ایوان کا وقار ہے ہم ان لوگوں کے نام یہاں نہیں لے سکتے، جو کچھ ان جائیدادوں کی خرید و فروخت میں ہوا ، یہاں سینٹ کی کمیٹیاں بیٹھی ہیں، انہوں نے خود cases دیکھے ہیں کہ پشاور میں کیا ہوا ہے ، دوسری جگہوں پر کیا ہوا ہے۔ اس چیز سے نجات حاصل کرنے کے لئے ہم نے براہ راست یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم اپنی کمیشن ایجنٹی ختم کریں، ان کو اسلام آباد کے دوسیکٹروں سے

پلاٹ الاٹ کروائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر: میں محترم وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ان کے بڑے اچھے عزائم ہیں لیکن اس میں اوورسیز پاکستانیز نے ایک partnership بنائی تھی پاک بحریہ کے ساتھ' اس کے بارے میں بڑی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اخبارات میں خطوط بھی آئے ہیں اور stories بھی آئی ہیں کہ اس partnership کے تحت اوورسیز پاکستانیوں کے مفادات اور ان کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ میں بہت سنگین بے ضابطگیاں اور زیادتیاں ہو رہی ہیں۔ اس سلسلے میں حکومت نے اس کو روکنے کے لئے یا ان کے مفادات کے تحفظ کے لئے کوئی نوٹس لیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی۔

شیخ رشید احمد: جی' سنگین بے ضابطگیاں تو ضرور ہوئی ہیں۔ ان کو آپ دیکھیں اور کچھ مہربانی بھی فرمائیں اور ان کو طلب کریں جن لوگوں نے یہ کی ہیں۔ نیکی کا کام آپ کی طرف سے شروع ہونا چاہیئے۔ پاک بحریہ سے ہمارا نہ کوئی تعلق ہے اور نہ واسطہ ہے۔ بحریہ والے جانیں۔ اوورسیز پاکستانیوں کے بارے میں تو میں نے گورنمنٹ کا جواب دینا ہے۔ کوئی پرائیویٹ ادارہ ہے تو مجھے اس کا علم نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ یہاں مختلف شہروں کا ذکر کیا گیا ہے کہ جہاں پر پلاٹ دیئے گئے ہیں یعنی پنجاب میں' آزاد کشمیر' سندھ اور صوبہ سرحد میں۔ میں ان سے پوچھنا چاہوں گا کہ کیا اوورسیز فاؤنڈیشن کی ذمہ داری نہیں ہے کہ بلوچستان کے جو لوگ باہر کام کر رہے ہیں' خاص طور پر گلف اور میڈل ایسٹ میں اور دوسری جگہوں پر مکران ڈویژن سے' قلات ڈویژن سے' ژوب ڈویژن سے اور نصیر آباد ڈویژن سے۔ کوئی ایک منصوبہ بتائیں اوورسیز فاؤنڈیشن والے کہ ہم نے بلوچستان میں کہیں کم از کم کوئٹہ شہر میں' تربت میں یا خضدار میں ہاؤسنگ سکیم بنائی ہے۔ اگر نہیں بنائی ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔ دوسرا یہ ہے کہ جو سب کے لئے پلاٹ بنائیں ہیں یا جو [illegible] سیکٹر اسلام آباد میں بنا رہے ہیں اور اس کے لئے وزیراعظم صاحب سے درخواست بھی کی [illegible] ہے۔ آیا اس میں بلوچستان والوں کے لئے کوئی

گنجائش رکھی ہے کہ ان کو بھی پلاٹ دیئے جائیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی۔

شیخ رشید احمد: جناب، میں ان کے خلوص اور ان کی محبت اور عام لوگوں کے لئے ان کے درد کا بڑا مداح ہوں۔ پلاٹ تو بعد کی بات ہے۔ میں نے ان سے درخواست کی تھی کہ میرے پاس گنجائش ہے بلوچستان میں سکول بنانے کی۔ انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا تھا۔ میں نے وزیر اعلیٰ صاحب سے ابھی بھی درخواست کی ہے۔ اس floor of the House پر کہتا ہوں کہ میرا خیال ہے کہ سب سے زیادہ ضرورت بلوچستان میں تعلیمی اداروں کی ہے۔ آپ نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ میں جگہ لے کر دوں گا۔ تینوں صوبوں سے مل گئی ہے لیکن بلوچستان کا میں ابھی تک منتظر ہوں اور آپ کی خدمات کو خاص طور پر میں خراج تحسین پیش کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: حبیب جالب بلوچ۔

جناب حبیب جالب بلوچ: بڑی خوشی کی بات ہے کہ ہمارے منسٹر صاحب یا گورنمنٹ آف پاکستان کے اہلکار کافی دیر بعد اس نتیجے پر آئے ہیں کہ بلوچستان میں ناخواندگی کو ختم کرنے کے لئے سکولوں کی ضرورت ہے۔ میں انہیں آفر دیتا ہوں کہ وہ ہمیں لسٹ فراہم کریں کہ کتنے سکول وہ چاہتے ہیں اور کتنی زمین کی ان کو ضرورت ہے۔ گورنمنٹ آف بلوچستان کی طرف سے ہمیں assurance دیں گے تو ہم انہیں زمین فراہم کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

شیخ رشید احمد: شکریہ جناب چیئرمین! میں پہلے کچھ لوگوں سے یہ بات کہہ چکا ہوں۔ میں ان سے ذاتی طور پر درخواست کر چکا ہوں کہ آپ بتائیں کہ کہاں سکول بنانے ہیں۔ کہاں آبادی کے لحاظ سے ضرورت ہے کیونکہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ زمین مفت ملنی چاہیئے۔ یہ کام ختم ہونا چاہیئے کہ purchase میں کافی ہیر پھیر ہو جائے۔ جو صوبہ مفت زمین دے گا ورکرز فاؤنڈیشن ان کے لئے یہ سکول بنا کر دے گی۔ وہ جتنے سکول کہیں گے ۵، ۱۰، ۱۵ جہاں پر غریب مزدوروں کے بچے اور غریب لوگوں کی آبادی ہو۔ میں وہ بنانے کے لئے تیار ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اچھا جی۔ خواجہ صاحب۔

خواجہ قطب الدین: شکریہ جناب! معزز وزیر صاحب بہت ہی اہم وزارت کو head کر رہے ہیں کیونکہ یہ پاکستان کا سب سے بڑا فارن ایکسچینج کا earner ہے۔ اگر آپ دیکھ لیں تو کوئی بھی product ہماری ایسی نہیں ہے جو اس سے زیادہ ایکسچینج earn کرتی ہو۔ فی الحال وہ جو remittances ہیں، جو earning ہیں وہ decline پر ہیں۔ ایک تو اس کی reason بتا دیں اور دوسری چیز جو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو پلاٹس پاکستانیوں کو اوورسیز دے رہی ہے۔ This is very good scheme. کہ آپ ان کی investment اپنے ملک میں کروا رہے ہیں لیکن کیا ایک اوورسیز پاکستانی ایک پلاٹ لے سکتا ہے یا کئی لے سکتا ہے۔ تیسری چیز اس وقت جو investable surpluses ہیں۔ اوورسیز پاکستانیز کے پاس جیساکہ estimate کیا جا رہا ہے about 10 to 15 billion Dollars ہیں۔ ان کو پاکستان میں لا کر investment کرنے کے لئے کیا اس تجویز پر غور کیا جا رہا ہے کہ industrial land ان کو free دی جائے تا کہ وہ اس پر industries لگائیں۔ this is going to be a good incentive لیکن کیا اس چیز پر غور کیا جا رہا ہے یا نہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب وزیر صاحب۔

شیخ رشید احمد: جناب چیئرمین! میں لیبر کا وزیر ہوں، کامرس یا انڈسٹری کو deal نہیں کرتا لیکن سینیٹر صاحب کی تجاویز میں بڑی جان ہوتی ہے، جہاں تک investment کا تعلق ہے، اس کے لئے یہ ساری چیزوں کو سمجھتے ہیں۔ جہاں تک ان کے پلاٹوں سے متعلق سوال کا تعلق ہے، تو پلاٹ صرف ایک ہی دیا جاتا ہے اور سرکاری خرچے پر فارن کرنسی پر دیا جائے گا۔ نمبر 2 انہوں نے پوچھا ہے کہ وہ industrial plots free دیئے جاتے ہیں، یہ خود اس کام کو بہت بہتر سمجھتے ہیں، انڈسٹری کی موجودہ صورتحال کو یہ مجھ سے زیادہ سمجھتے ہیں، مفت پلاٹ کی بات نہیں ہے لیکن انہوں نے اوورسیز کنونشن میں یہ درخواست کی ہے کہ اگر ہمیں کچھ ایریا گورنمنٹ آف پاکستان دے دے تو اسے وہ develop کریں، وہ اپنے طور پر کام کرنے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن میرا خیال ہے کہ کوئی ایسی تجویز نہیں ہے، مگر اسے بھیج کر دیکھ لیتے ہیں، کیونکہ اس سے پہلے یہاں بھی کافی انڈسٹریل پلاٹس دیئے گئے تھے، پورا Export Processing Zone کراچی کا خالی ہے، اس پر آپ کی توجہ کی ضرورت ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی قائم علی شاہ صاحب۔

سید قائم علی شاہ: جناب چیئرمین! کیا وزیر صاحب بیان فرمائیں گے کہ یہ جو پلاٹس اوورسیز پاکستانیز کو دے رہے ہیں، کتنے concessional rates پر دے رہے ہیں یا market rates پر دے رہے ہیں؟

شیخ رشید احمد: جناب والا! کسی concessional rates پر نہیں دے رہے ہیں، ان کو مارکیٹ ریٹ پر دے رہے ہیں، سی ڈی اے کو یہ کہا تھا کہ اگر کچھ گنجائش پیدا ہو سکے، مگر کوئی رعایت کی گنجائش پیدا نہیں ہو سکی، اس لئے اسے market price پر دے رہے ہیں اور فارن کرنسی میں دے رہے ہیں، اگر درخواستیں زیادہ ہوئیں تو اس کی لاٹری نکال لیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی بس جی، اگلا سوال جی پروفیسر ساجد میر صاحب۔ سوال نمبر 37۔

37. *Prof. Sajid Mir: Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to extend telephone facility to Wazirpur, Sub-Division Shigar, District Skardu in Baltistan (Northern Area)?

Reply not received.

جناب قائم مقام چیئرمین: جی سپلیمنٹری سوال۔

پروفیسر ساجد میر: جناب والا! اس کے بارے میں لکھا ہوا ہے کہ received ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سوال ایک ایسے وزیر سےمتعلق ہے جو میری estimation میں he knows his job اور ان کے پاس کافی معلومات ہوتی ہیں اپنی وزارت کے بارے میں، تو میں توقع کرتا ہوں کہ وہ اپنی معلومات کے حوالے سے ہی اس کا کوئی جواب دے دیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! اس کا reply not received اس لئے ہے کہ PTC کا network داسو تک ہے، ضلع کوہستان کا جو ہیڈکوارٹر ہے، انڈس کے کنارے۔ اس سے آگے Northern Areas of Skardu کا network جو ہے وہ Special Communication

Organization جو پاکستان آرمی کے کور آف سگنلز کے ماتحت ہے: وہ چلاتے ہیں۔ لہذا جہاں کے لئے سوال پوچھا ہے اس میں ہماری organization نہیں ہے' ان کو سوال refer کر دیا ہے ان سے جواب آ جائے تو میں آپ کو دے دوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب پروفیسر صاحب۔

پروفیسر ساجد میر: جناب والا! اس علاقے کے بارے میں یہ جو وزیر پور سب ڈویژن کے بارے میں' میں نے پوچھا ہے' صورتحال یہ ہے کہ ٹیلیفون کی تاریں اس کے بالکل قریب سے گزرتی ہیں تو جب جواب آئے تو میں یہ توقع رکھوں گا کہ جو بھی اس communication کو deal کر رہا ہے' ان کی اس بات کی طرف توجہ دلائی جائے کہ اگر بالکل قریب سے واقعی تاریں گزر رہی ہیں تو اس sub-division کو بھی یہ facility provide کی جائے' کیا یہ ممکن ہو سکے گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! demarcation ہوتی ہے administrative areas کی اور یہاں جہاں پر یہ ٹیلیفون facility مانگ رہے ہیں' یہ وزیرپور sub-division شگر' ضلع سکردو' بلتستان ہے۔ یہ ضلع سکردو کے administrative area میں آتا ہے اور وہ northern areas میں آتا ہے۔ ہمارا network داسو پر جا کر ختم ہو جاتا ہے جو ضلع کوہستان کا ہیڈکوارٹر ہے۔ اس سے آگے Special Communication Organization ہے جو کور آف انجینئرنگ' پاکستان آرمی کی ہے وہ ہمارے under نہیں آتا۔ تو میں نے اس لئے کہا کہ میں ان کو refer کر دوں گا' ان کی طرف سے مجھے کوئی جواب ملے گا تو پھر میں گزارش کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی یہ آپ ان کو refer کریں تو جب جواب آ جائے تو ساجد میر صاحب کو بتا دیں۔ جی ساجد میر صاحب اگلا سوال۔

38. *Prof. Sajid Mir: Will the Minister for Communications be pleased to state the expenses incurred by Mari-Time Pollution Board to combat pollution in the Karachi Port during the year 1994-95 and 1995-96 separately?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: The expenditure incurred by maritime Pollution Board to combat pollution in the Karachi Port during the year

1994-95 and 1995-96 is Rs.10,88,784 and Rs.5,00,000 respectively.

جناب قائم مقام چیئرمین۔ کوئی ضمنی سوال۔

پروفیسر ساجد میر : جناب والا! یہ ایک ادارہ ہے Maritime Pollution Board اس کے expenses میں نے پوچھے تھے دو سال کے۔ میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ یہ expenses کس وجہ سے ہوئے ہیں' یہ تنخواہوں کی مد میں رقم خرچ ہوئی ہے یا کوئی facility provide کرنے پر ہوئی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ میری معلومات کے مطابق اس ادارے pollution board نے بڑی بڑی مالیت کے ٹھیکے دیئے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس حوالے سے شاید یہ figure درست نہیں ہے۔ ویسے ٹھیکوں کی رقم اس میں include کی تو یہ بہت بڑی رقم ہونی چاہیئے۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ رقم جو دی گئی ہے اس میں اس ادارے کی طرف سے دیئے گئے ٹھیکوں کی رقم شامل ہے یا نہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا! سابق وفاقی حکومت نے ایک board constitute کیا تھا جون 1994ء میں اور اس کے کوئی 21 ممبر تھے' Director General Ports and Shipping اس کو look after کر رہے تھے۔ اس کو ٹوٹل دیئے گئے 20 لاکھ روپے اس pollution clear کرنے کے لئے ہیں جو لیاری دریا یا لیاری نالے میں آتا ہے' industrial area سے یہ pollution آتا ہے اور اس میں تقریباً 16 لاکھ روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ کوئی 4 لاکھ روپے رہتے ہیں۔ اس میں کوئی ٹھیکے وغیرہ کی بات نہیں تھی' ٹوٹل رقم جو وفاقی حکومت نے دی وہ اس وقت 20 لاکھ روپے تھی اور اس میں مختلف equipment جو اس area کو deliver کئے گئے ہیں اس pollution کو صاف کرنے کے لئے۔ یہ اس کی صحیح صورتحال ہے' دو سال میں اس پر کل خرچہ یہ ہوا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی خواجہ صاحب سپلیمنٹری سوال۔

خواجہ قطب الدین : جناب والا! میں ساجد میر صاحب کی بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہاں جو رقم دی گئی ہے یہ بہت کم ہے کیونکہ اس زمانے میں ایک اخبار نے بھی لکھا تھا کہ ایک ہی ٹھیکہ Marshes import کر کے کراچی پورٹ کے ایریا میں لگانے کا ٹھیکہ تقریباً کوئی سات ملین کا تھا۔ اس لحاظ سے کراچی پورٹ ٹرسٹ نے بھی اسی pollution control کے سلسلے

میں جو expenses کئے ہیں وہ اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ یہ تو صرف بتا رہے ہیں، ایک جگہ کے لئے بتا رہے ہیں کہ ایک کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں، یعنی پندرہ لاکھ ٹوٹل خرچ ہوئے ہیں، 1.5 ملین۔ which hardly reflects the actual expenditure which has been made تو میں یہ request کروں گا کہ اگر پھر سے ہاؤس کو investigate کر کے total figures بتائے جائیں کہ کراچی پورٹ اور میری ٹائم بورڈ نے یہ total environment کے ---- یہ بڑا ایک ڈرامہ تھا، environment کو بہت ہی زیادہ بنا کر اس کے پیچھے کئی لوگوں کو contract دیئے گئے، کئی لوگوں کو نوازا گیا اور خصوصاً کراچی پورٹ اس کے اندر بہت زیادہ آگے ہے تو اس کو investigate کر کے اس کا total figure سامنے لایا جائے اور ہاؤس کو بتایا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں پہلے ہی گزارش کر چکا ہوں کہ کمشنر کراچی کو 35,500 روپے دیئے گئے، وہ مختلف چیزوں کے لئے floating garbage phosphate ----------- کے لینے کے لئے اور یہ دس لاکھ تینتیس ہزار چوراسی روپے Maritime Security Agency (MSA) کے ذریعے اس equipment کے لئے دیئے گئے ہیں، Karachi Fish Harbour جہاں پر یہ مسئلہ ہے pollution کا۔ ٹوٹل بیس لاکھ روپے تھے، اس سے زیادہ اگر کہیں تھے تو یہ نشاندہی کریں میں ضرور اس کی تحقیقات کر لوں گا لیکن اس پورٹ کو کم از کم اس سے زیادہ پیسے نہیں دیئے گئے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب عالی صاحب۔

جناب جمیل الدین عالی: جناب والا! اس میں بہت بدیہی contradiction لگ رہا ہے کہ 1994-95 میں تو دس لاکھ اٹھاسی ہزار سات سو چوراسی روپے خرچ ہوئے۔ کراچی کے لیاری کی صفائی کے منصوبے میں جو کہ ہم روز دیکھتے ہیں، وہاں ہوتا کچھ نظر نہیں آتا لیکن اگلے سال میں صرف پانچ لاکھ خرچ دکھایا گیا ہے۔ تو کیا کام پورا ہو گیا تھا، رک گیا تھا یہ "incurred" کے لفظ سے کھیلا گیا ہے، اس میں لفظ آتا ہے کہ the expenditure incurred اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ابھی تک، جب تک جواب دیا جا رہا ہے یعنی جون 1996 تک پانچ لاکھ actual خرچ ہوئے تھے اور باقی واجب تھے اور شاید وہ اس بیس لاکھ میں سے تھے

جو وزیر موصوف نے بتائے ہیں کہ کل بیس لاکھ set apart کئے گئے تھے۔ ممکن ہے وہ اس میں سے واجب ہوں اور بعد میں چار لاکھ دیئے گئے ہوں۔ ایک تو اس کی وضاحت کر دیں۔ دوسرے یہ جناب کیا اس کا کوئی Monitoring system ہے۔ کیا ان تک رپورٹ آتی ہے یا وہ خود دیکھتے ہیں، یا کسی بہت ذمہ دار کو بھیجتے ہیں۔ یا ایجنسی پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ کیونکہ لیاری میں جا کر آپ دیکھیں، جس ایریا کا انہوں نے حوالہ دیا ہے وہ دونوں جگہ کسی قسم کی کوئی صفائی، حالات کی، environment تو بڑا لفظ ہے، ماحولیات تو بہت بڑی چیز ہے، کوئی چیز ظاہر نہیں ہو رہی ہے۔ تو جناب وزیر موصوف فرمائیں گے کہ کیا یہ کوئی ٹوکن سی چیز تھی یا کوئی serious منصوبے کا ایک بڑا حصہ تھا۔ یہ کیا تھا؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! اگر serious منصوبہ ہوتا تو صرف بیس لاکھ روپے ہوتے، کیا pollution بیس لاکھ روپے سے ختم ہو سکتی ہے، یہ جو پانچ لاکھ روپے کی بات کر رہے ہیں وہ Fishermen Cooperative Society Limited ہے اور ان کو toilets کے لئے اور سوزوکی پک اپ جو کہ garbage وغیرہ وہ اٹھائیں۔ اس کے لئے یہ پانچ لاکھ روپے بعد میں دیئے گئے تھے، اور جیسا کہ میں نے پہلے گزارش کی کہ 35,500 روپے کمشنر کراچی کو، دس لاکھ تینتیس ہزار تین سو چوراسی Maritime Security Agency کو fish harbour کے لئے دیئے گئے تھے اور ٹوٹل بیس لاکھ روپے تھے۔ سولہ لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں۔ اب بیس لاکھ روپے کے منصوبے میں کتنا کام ہو سکتا ہے، بیس لاکھ روپے میں تو آج کل میرے خیال میں دو ٹویوٹا کرولا گاڑیاں آتی ہیں تو اس میں کراچی ہاربر اور کراچی پورٹ اور کراچی جیسے ساحل کو آپ pollution سے کیسے صاف کر سکتے ہیں۔ جہاں تک اس کا تعلق ہے کہ اس کو کون مانیٹر کرتا ہے تو اس کے لئے ایک Board constitute کیا گیا ہے جس میں اکیس ممبر ہیں اور over seeing, over looking جو ہے وہ Director General port and shipping کرتے ہیں۔

Mr. Acting Chairman: The question hour is over. All other questions are taken as read as laid on the table of the House.

39. ***Prof. Sajid Mir:** Will the Minister for Communications be pleased to

state the total lincome and expenditure of Telegraph Workshop Kotri (Sindh) during the years 1995-96 and 1996-97, separately.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Total Expenditure and Income of Telegraph Workshop Kotri (Sindh) for the years 1995-96 and 1996-97 is as under:-

	1995-96	1996-97
Expenditure:	Rs.65.956(M)	Rs.32.945(M)
Income		

PTCL is the sole consumer of Telegraph Workshop Kotri. There is no production in workshop for the last two years. Efforts are being made to restart production of essentially required line stores in order to consume the available raw material and utilize services of existing employees.

40. *Syed Iqbal Haider: Will the Minister for Communications be pleased to state the amount of telephone bills payable as on 31st October, 1997 by the various Divisions/Institutions of the Federal Government as well as by each of the Provincial Government including the companies, corporations and Institutions owned or controlled by any of the Government?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: The amount of Telephone bills payable as on 31st October, 1997 by the Federal Government and various Institutions of Federal Government, Provincial Governments, Corporations and Institutions owned by the Government is as follows. It may be noted that approximately 25-40% of the amount billed is Excise Duty payable to the CBR and recoverable from the following departments.

(Rs.in Million)

(i) Federal Government	384.376
(ii) Railways.	7.818
(iii) Local Bodies of Federal Government.	23.935
(iv) Provincial Governments.	
Punjab	192.202
Sindh	336.853
NWFP	36.011
Balochistan	12.882
(v) Local Bodies of Provincial Governments	45.889
(vi) Corporations/Institutions:	
WAPDA	61.520
PTV	1.481
PBC	1.348
PIA	5.297
APP	0.229
KESC	11.948
CAA	1.969
KPT	1.269
Others	51.778

*Include ADBP, IDBP, NDFC, PASCO, HBFC, PIDC, FWO, RECP, NLC and Sui Gas etc. etc.

41. *Syed Iqbal Haider: Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is a fact that the Licence/permission has not been granted to the Pakistan Telecommunication Corporation to launch and provide the facility of cellular/mobile phones to the subscribers, if so, its reasons?

Reply not received.

42. ***Syed Iqbal Haider:** Will the Minister for communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to dismantle the old Attock Bridge and sell its iron bars if so, the procedure, and terms and conditions for the proposed sale.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: The old Attock Bridge does not belong to National Highway Authority.

43. ***Mr. Hussain Shah Rashdi:** Will the Minister for Law, Justice and Human Rights be pleased to state the monthly remuneration, fees and various allowances paid to each Attorney General from 1st July to 31st December, 1995?

Minister for Law, Justice and Human Rights: The monthly remuneration and allowances paid to the Attorney General from 1st July to 31st December, 1995 are annexed.

Annex

DETAIL OF MONTHLY REMUNERATION, FEES AND ALLOWANCES PAID TO QAZI MUHAMMAD JAMIL, ATTORNEY GENERAL FOR PAKISTAN FROM 1-7-1995 TO 31-12-1995

S.No.	Name of the Attorney General for Pak.	Month	Retainer-ship	Sumptu-ary Allo-	Equipment Allowance	Fee
				Rs.	Rs.	
1.	Qazi M. Jamil	July 1995	50,000	3,000	-	-
		Aug.1995	50,000	3,000	-	-

Sep.1995	50,000	3,000	-	-
Oct. 1995	50,000	3,000	-	-
Nov.1995	50,000	3,000	-	-
Dec.1995	50,000	3,000	-	-
Total:	300,000	18,000	-	-

44. *Mr. Hussain Shah Rashdi: Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to expand the telephone Exchange of Garhi Kapura, Teh. and District Mardan, if so, when?

Mr. Acting Chairman: Now leave of applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب سیف اللہ خان پراچہ نے علالت کی بناء پر 23 نومبر تا حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب محمد عبدالستار خان نیازی نے ذاتی مصروفیت کی بناء پر مورخہ 2 تا 4 دسمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین۔ قاضی ایم انور نے ذاتی مصروفیت کی وجہ سے مورخہ 4 دسمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب حسین شاہ راشدی نے نجی مصروفیت کی بناء پر مورخہ 27 تا 4 دسمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(درخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب شفقت محمود نے بعض ناگریز وجوہات کی بناء پر مورخہ 4 دسمبر تا حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب گوہر ایوب خان نے اطلاع دی ہے کہ وہ بیرون ملک دورے کی وجہ سے مورخہ 4 تا 11 دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ مخدوم سید احمد محمود نے اطلاع دی ہے کہ وہ پہلے سے طے شدہ مصروفیت کی بناء پر 4 تا 6 دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

جی point of order.

POINT OF ORDER

خواجہ قطب الدین۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔ جناب میں داؤد انجینئرنگ کالج کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جب ایجوکیشن کی بات آتی ہے، جب تعلیم کی بات آتی ہے توکوئی اس سے disagree نہیں کرتا ۔ جب بجٹ میں allocation کی بات آتی ہے، Finance Minister صاحب یہاں موجود ہیں ، سب سے کم allocation تعلیم کو ہوتی ہے اور اس area میں سب سے کم allocation تعلیم کے لئے پاکستان کے بجٹ میں کی گئی لیکن میں نئی چیز کی بات نہیں کر رہا ۔ جن چیزوں پہ already خرچہ ہو چکا اور جو سالہا سال سے لوگوں کو ایجوکیشن یا تعلیم فراہم کر رہا تھا، آج اس Institution کو بند کر دیا گیا۔ داؤد انجینئرنگ کالج پاکستان کا ایک seat of excellence تھا۔جب تک private sector میں یہ کالج رہا تو اس کے standards، اس کی پڑھائی ، اس کی effectiveness اور پھر وہاں سے جو بچے نکلتے تھے ان کی

employment سب کچھ top grade تھی۔ جب nationalization ہوئی پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران ' اس کے بعد سے وہ standard slide چلا گیا downward slide ہو تا گیا۔ Standards گرتے چلے گرتے چلے گئے' discipline کا problem ہوا اور اس کے بعد آج پوزیشن یہ ہوگئی ہے کہ نہ وہاں workshops properly ہو رہی ہیں ' نہ وہاں classes ہو رہی ہیں اور hundreds of students کو بیچ منجدھار میں لا کر چھوڑ دیا گیا ہے۔ آج NED انجینیئرنگ یونیورسٹی اس کالج کو نوٹس دے چکی ہے کہ اب وہ اس کو deaffiliate کر رہے ہیں۔ یہاں ویسے ہی انجینیئرنگ کالجز کی کمی ہے' ویسے طلباء college to college بھاگتے پھرتے ہیں' وہاں ان کو admissions نہیں ملتے اور کیا یہ جا رہاہے کہ جو one of the best colleges of engineering تھا پاکستان کا ' جس کا ہم standard raise کر سکتے تھے اس کو بند کر دیا گیا۔ یہ بہت بڑی میرے خیال سے conspiracy ہے۔ Conspiracy کہہ لیں یا students کے خلاف ایک بہت بڑی ناانصافی ہے کہ جب یہ de-affiliate ہو جائے گا یا یہ بند ہو جائے گا تو یہ students کہاں جائیں گے۔ کوئی first year میں ہے' کوئی second year میں ہے - اور داؤد انجینیئرنگ کی ایک architect faculty ہے وہ بہت اچھی ہے۔ پورے پاکستان میں اس کا standard ہے ' پتا نہیں اس کا کیا بنے گا۔ تو میں اس ہاؤس کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں ' میں چاہتا یہ ہوں کہ سارے سینیٹرز خصوصاً عالی صاحب اس چیز کو take up کریں اپنی کمیٹی میں۔ اگر آپ جاکر دیکھیں I am sure , you must have seen that Institution اتنا بڑا institution اتنا viable institution اور خصوصاً جہاں اب انجینیئرنگ کی تعلیم دی جاتی ہے اس کو بند کر دیاگیا۔ ہم بات کرتے ہیں science and technology کی۔ہم بات کرتے ہیں self- reliance کی۔ جب ہم بچوں کو پڑھانے کے لئے وہ مواقع ہی نہیں دیں گے اور بلکہ جو موجود ہیں ان کو بھی بند کریں گے تو پھر کیا ہم توقع کرسکتے ہیں - میں یہ چاہوں گا کہ یہاں اگر وزیرتعلیم، تھوڑی دیر پہلے موجود تھے ' اگر کاش کہ وہ بیٹھے ہوتے تو اس کے اوپر کوئی روشنی ڈالتے - میں یہ چاہوں گا کہ یہ سینٹ کی طرف سے یا اس کمیٹی کی طرف سے گورنمنٹ سے پوچھا جائے کہ آخر کیوں اس کالج کو deaffiliate کیا جارہا ہے۔ کیوں اس کالج کو بند کر دیا گیا - میں یہ نہیں سمجھتا کہ بند کرنا ہی اس کا حل ہے۔ اگر وہاں لاء اینڈ آرڈر پرابلم تھا 'ڈسپلن پرابلم تھا تو وہ سب کچھ ٹھیک کیا جاسکتا ہے -ان سب کے حل موجود ہیں -اس کالج نے جو کہ Government Grants بڑے کم ہوتے تھے تو انہوں

نے ایک سسٹم شروع کیا تھا سیلف فنانسنگ گا' اس سے funds raise کرکے وہ اس کالج کو کچھ بہتری کی طرف لے کر گئے تھے لیکن وہ سیلف فنانسنگ سکیم بھی بند کردی گئی۔ آج پھر سے اسی پوائنٹ پر پہنچ گئے ہیں جس سے وہ چلے تھے ۔ جناب چیئرمین یہ بڑی افسوسناک بات ہے کہ جس کے اوپر کروڑوں روپے خرچ کئے گئے' پاکستان کے لوگوں کا پیسہ خرچ کیا گیا 'تعلیم دینے کے لئے خرچ کیا جاتا جو کہ آج اشد ضروری ہے۔ ایسے بڑے اور ایسے اچھے انسٹی ٹیوشن کو بجائے ٹھیک کرنے کے easiest possible solution adopt کیا جا رہا ہے تو اس کو بند کر دیا گیا۔ میں چاہتا یہ ہوں کہ سارے سنیٹرز اس کے نوٹ لیں اور کچھ اس کی طرف stepsلیں۔ شکریہ جی ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی راجہ صاحب۔

راجہ اورنگ زیب: جناب چیئرمین! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد شہر سے چودہ کلو میٹر کے فاصلے پر پولی ٹیکنک کالج کی تعمیر کے لئے باقاعدہ طور پر آج سے دس سال قبل زمین خریدی گئی تھی۔ اس کے بعد وہاں پر وفاقی حکومت نے وزارت تعلیم کو باقاعدہ funds allocate کئے اور اس فنڈ کے مطابق وہاں پر پولی ٹیکنک کالج کا کام شروع ہوا ۔ جب وہاں پر کمرے بن گئے اور اس کے علاوہ وہاں کوارٹرز بھی بن گئے اور کروڑوں روپیہ جب خرچ ہوچکا تو مجھے یہ معلوم نہیں کہ کن وجوہات کی بناء پر' وہ کون سے عوامل ہیں جن کی بناء پر اس کالج کو بند کیا گیا ۔جب کہ ہمارے اسلام آباد اور نزدیک گردونواح یعنی اٹک، جہلم، گجرات، چکوال اور جیسا کہ ہزارہ اور آزادکشمیر یہ جتنے بھی ہمارے ساتھ علاقے ہیں' اس کے ساتھ کہیں بھی پولی ٹیکنک کالج نہیں ہے ۔ میں یہ وزیر موصوف انچارج سے اس ہاؤس کی وساطت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ یہ وجہ بتا سکتے ہیں کہ پولی ٹیکنک کالج جو آج سے دس سال قبل جونیجو گورنمنٹ کے وقت منظور ہوا تھا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی jurisdiction میں اس کو کیوں بند کیا گیا ہے اور ہمیں بتایا جائے کہ اس پر اس وقت کتنی رقم خرچ ہوئی ہے اور اس رقم کا اب کیا بنے گا ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی متعلقہ وزیر نہیں ہیں۔ جی وٹو صاحب۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میں نے نوٹ کر لیا ہے ۔میں انشااللہ تعالیٰ وفاقی وزیر تعلیم کو اطلاع دے دوں گا اور وہ مناسب انفارمیشن ہاؤس کو دے دیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی ربانی صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, sir, I am grateful. Sir, I would like to bring it to your notice that the Opposition had moved a motion under Rule 194 and the motion under Rule 194 says:

That the Senate may discuss the visit of the Secretary of State of the United States of America to Pakistan.

This was the motion that we had moved, sir. It had been moved by all the opposition parties, including the Pakistan Peoples Party. We have received a communication wherein it has been said that this motion is inadmissible. Sir I would just like to bring it to your notice that the rule which has been quoted declaring this inadmissible, is not a rule under which this motion could have been ruled out. Sir, I draw your attention, this says that, "has been pleased to hold that the motion to be inadmissible under Rule 121 (4) (f) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988". Sir, I will draw your attention to Rule 121 (4) (f). Sir, you will see that first of all Rule 121 falls under the chapter of resolutions not mentioned in the Constitution. A motion under Rule 194 is not a resolution. What does Rule 121 state? It states, "A resolution", this is a motion under Rule 194, this states a resolution may be in the form of a declaration of opinion or a recommendation. Now, what are the ingredients, it has to be a declaration of opinion or a recommendation or convey a message or commend an urge or request for an action, or call attention to a matter or situation for the consideration by the government. Now, a motion under Rule 194, I take you to 194, what is 194? A motion that the policy or situation or statement or any matter may be taken into consideration shall not be put to the

vote of the Senate, but the Senate shall proceed to discuss, here what the Senate is to do under 194, it is only to discuss that motion, it it not to do any of the ingredients that have been laid out in Rule 121, that is declaration of an opinion or a recommendation or convey a message or commend an urge or request an action or call the attention to a matter or situation for consideration. For calling attention, there is a separate provision of calling attention notice. Here it is only to discuss and what are we being prevented to discuss , (f) says raise discussion on a matter which, in its nature, is secret or sensitive. Now, what is secret.

اگر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی وزیر خارجہ یہاں پاکستان میں آتی ہیں تو اس میں کیا secret ہے۔ انہوں نے یہاں پر آ کر حکومت کے ساتھ کیا مذاکرات کئے کیا بات ہوئی اس میں کون سی خفیہ بات ہے جو پارلیمنٹ کو اس سلسلے میں اعتماد میں نہیں لیا جا سکتا۔ پاکستان کے عوام کو اعتماد میں نہیں لیا جا سکتا ۔ وہ کون سی بات تھی ۔ پھر میں آپ کو رول 2 کی طرف لے کر چلتا ہوں ۔ رول 2 میں آپ دیکھیں۔ definitions دی ہوئی ہیں۔

Mr. Acting Chairman: Raza Rabbani Sahib, please come to my office, in my chamber, I will bring the file over there and then we will discuss it over there.

Mian Raza Rabbani: Sir you have to decide this matter.

یا تو حکومت بتائے کہ کونسا ایسا معاہدہ انہوں نے کیا ہے کہ وہ نہیں بتا سکتے۔

Mr. Acting Chairman: Please come to my chamber and we will sit over there and discuss it over there.

Mian Raza Rabbani: Right sir, I will come to your chamber.

Mr. Acting Chairman: Thank you. Yes, Dr. Abdul Hayee.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میں اس ایوان کی توجہ آپ کے توسط سے ایک اہم عوامی

مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ بلوچستان میں ایک مشہور اتھل چیک پوسٹ ہے جو تمام بسوں کے لئے عذاب ہے ، تمام غریب لوگ جو بسوں میں سفر کرتے ہیں یا چھوٹی گاڑیوں میں وہ سارے اس سے متاثر ہو رہے ہیں جناب! اور میں آپ کی توجہ اور پورے عوام کی توجہ اس معاملہ کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔جناب والا! کئی کئی گھنٹے لوگوں کو بسوں سے اتار کر وہاں لائن میں کھڑا کر دیا جاتا ہے ، زبردستی ان کی تلاشی لی جاتی ہے اور اگر کسی کے پاس ایک ڈنر سیٹ ہو یا کمبل ہو تو ان سے چھین لیا جاتا ہے۔ اب یہ آپ خود اندازہ لگائیں اور یہ چیک پوسٹ، جتنی ہم نے کوشش کی ہے، ابھی تک ختم نہیں ہو رہی ہے۔ یہ ایک ایسا ظالمانہ چیک پوسٹ ہے کہ تمام بلوچستان سے جو لوگ آتے ہیں یا کراچی سے لوگ بلوچستان کی طرف جاتے ہیں کوئٹہ سے کراچی یا تربت سے کراچی یا خضدار سے کراچی کہیں سے بھی لوگ آئیں جناب والا! یہ چیک پوسٹ کوسٹ گارڈ کے حوالے سے ایک مستقل عذاب بنا ہوا ہے اور ابھی تک ہماری سمجھ سے بالا تر ہےعام شہری کے سمجھ سے بالا تر ہے کہ اس چیک پوسٹ کا فائدہ اور مقصد کیا ہے کہ غریب آدمیوں کے ایک آدھ کمبل یا ایک آدھ ڈنر سیٹ یا ایک آدھ ٹی وی چھین لئے جائیں۔ خود پاکستان کے اندر اوتھل پاکستان کے اندر ہے یا باہر ہے اور چیک پوسٹ کا کام کیا ہوتا ہے بارڈرز چیک کرنا یا شہر کے قریب آئیں اور لوگوں کو بسوں سے اتار کر،جس طرح سے چاہیں ان کی توہین کریں جس طرح سے چاہیں ان کے ساتھ زیادتی کریں وہ ناقابل بیان ہے۔

میں جناب والا! یہاں اوتھل چیک پوسٹ کے ساتھ ساتھ دوسری جگہوں کا بھی آپ کو عرض کروں گا یعنی کوئٹہ چمن سے آتے ہوئے بلیلی پر یہی صورتحال ہے۔ دالبندین تفتان سے آتے ہوئے چاغی میں یہی صورتحال ہے۔ سندھ سے آتے ہوئے تربت کی طرف یہی صورت حال ہے۔ گوادر سے پسنی اور تربت کی طرف یہی مشکلات لوگوں کو درپیش ہیں یا FC کے چیک پوسٹ ہیں یا Coast Guard کے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ صورت حال کب تک رہے گی اور کیا لوگوں کے ساتھ اس طرح کی زیادتی ، ظلم اور بے انصافی ہوتی رہے گی۔ کب تک لوگوں کی ایک آدھ چیز ان سے چھین کر یہ سلسلہ جاری رہے گا۔اور دوسری عرض یہ ہے جناب چیئرمین صاحب کہ کوئٹہ ریلوے سٹیشن میں جو لوگ پنجاب کی طرف سے، غریب لوگ پنجاب یا دوسرے صوبوں سے آتے ہیں ان کو بھی راستے میں اور ٹرین میں بھی سبی جیکب آباد کے قریب اتار کر جو

بھی ان کے پاس ایک آدھ چیز ہوتی ہے وہ ان سے چھین لی جاتی ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ممکن ہے پشاور میں بھی ایسا ہو' یہاں اٹک کے پاس بھی ایسا ہو تو ہم حیران ہیں کہ آخر ملک کے اندر یا اندرون ملک یہ چیک پوسٹیں کس حوالے سے ہیں۔ جہاں تک بڑے بڑے لوگ ہیں بااثر لوگ ہیں بڑی بڑی لمبی کاروں والے گاڑی والے وہ تو چلے جاتے ہیں ان کو تو کوئی نہیں پوچھتا۔ ان سے کوئی بھی سوال نہیں کرتا۔ مگر عام شہری وہ کیوں متاثر ہو رہے ہیں میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ ٹھیک ہے ڈاکٹر صاحب آپ نے بات کر دی ہے۔ جی حاجی جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جناب چیئرمین میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ایک تو اس پاکستان کے اندر Engineering Colleges بند کئے جا رہے ہیں اور کچھ ہمارے بچے روس سے یا دوسرے ممالک سے engineering کی ڈگریاں لے کر آتے ہیں تو ادھر جو Engineering Councilہے وہ ان کو register نہیں کر رہی ہے۔ یہ بڑے ظلم کی بات ہے۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت پاکستا ن سے یہ کہتا ہوں کہ جو بچے روس سے یا باہر سے ڈگریاں لے آئے ہیں engineering pass کر کے آئیں ان کو باقاعدہ رجسٹر کیا جائے۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ 1985ء سے لے کر 1988ء تک پانچ مرلہ سکیم شروع کی گئی تھی اور بہت سی زمین ، وزیر خزانہ یہاں سن رہے ہیں وہ نوٹ کر لیں کہ وہ زمینیں لی گئیں۔ وہاں پر کوارٹرز بنائے گئے اور ہزارہ ڈویژن میں اکثر جگہوں میں وہ پلاٹ خالی پڑے تھے۔ لوگوں نے ان پر قبضہ کر لیا ہے اور جہاں بلڈنگیں بنائی گئی ہیں وہ بوسیدہ ہو کر گر رہی ہیں۔ خدا کے لئے اس پیسے کو ضائع نہ کریں اور وہ غریبوں اورمسکینوں اور یتیموں کے لئے وہ پانچ مرلہ سکیم بنائی گئی تھی اس پر عمل در آمد کیا جائے۔ یہ بہت ضروری بات ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ جی ۔ جناب زاہد خان صاحب ۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب میں نے اور میرے خیال سے عباسی صاحب نے بھی تین دن ہوئے ایک privilege motion پیش کی' ابھی تک وہ ہمارے ٹیبل پر نہیں آئی اور تین دن گزر گئے۔ اب تین دن گزرنے کے بعد پتہ نہیں کہاں غائب ہے آپ مہربانی کر کے آرڈر دے

دیں کہ وہ privilege motion ہمارا آ جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جی اس کو دیکھ لیں گے ۔جی اقبال حیدر صاحب ۔

سید اقبال حیدر۔ جناب یہ finance سے متعلق ہے اور وزیر خزانہ صاحب موجود ہیں۔ میں بہت مشکور ہوں جناب چیئرمین مجھے آپ نے اجازت دی ۔ ہمیں سخت تشویش ہے وزیر اعظم پاکستان کے بیان پر جو آج اخبارات میں شائع ہوا ہے کہ اس آئینی بحران میں ملک کی معیشت کو سینکڑوں ارب روپوں کا نقصان پہنچا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بہت ساری دیگر خبریں بھی ملتی رہی ہیں کہ اس بحران میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے وزیر اعظم کو کروڑوں روپے ویسے بھی خرچ کرنے پڑے ہیں۔ اس وقت معیشت کی حالت اتنی تشویشناک ہے کہ یہ انہوں نے اپنی ذاتی کامیابی تو حاصل کرلی لیکن نہ صرف یہ کہ آئینی اداروں کو سنگین دھچکہ پہنچایا ہے جس کی کہ تاریخ میں مثال نہیں ملتی بلکہ معیشت کو جس بری طرح سے دھچکہ پہنچا ہے، نقصان پہنچا ہے، اس کی بحالی کے لئے اور آئینی ادارے بالخصوص عدلیہ کے وقار، منزلت اور اس کے اتفاق اور اس کے ڈیکورم اور sanctity کو بحال کرنے کے لئے حکومت کے پاس کیا تجاویز ہیں۔ اتنا بڑا سانحہ ہوگیا، اتنا بڑا معاشی نقصان ہو گیا اور حکومت نے ابھی تک کوئی واضح لائحہ عمل نہیں بیان کیا کہ کس طرح سے وہ اربوں روپوں کے نقصان جس کی کہ ذمہ دار صرف اور صرف حکومت ہے، اس کو کیسے پورا کیا جائے گا اور عدلیہ کے وقار کو کیسے بحال کیا جائے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب وزیر خزانہ صاحب۔

جناب سرتاج عزیز: ویسے تو عام طور پر باقاعدہ موشن آنا چاہیئے اس پر، جس پر بات ہو سکے لیکن چونکہ انہوں نے سوال اٹھایا ہے، تو میں مختصراً عرض کردیتا ہوں کہ جو صورتحال ہمیں ورثے میں ملی وہ بہت مشکل تھی اور ہمارے پروگرام اور reforms کی وجہ سے صنعتی شعبوں میں بحالی آ رہی تھی۔ اب جو یہ دو مہینے کا بحران تھا اس سے ظاہر ہے بے یقینی جب ہو تو معیشت کے لئے اچھا نہیں ہوتا۔ اس میں جو اسٹاک مارکیٹ میں تنزل ہوا پچھلے دو ماہ میں کہ 1950 سے گر کر وہ 1750 وہ قریباً خود 70 ارب ہوتا ہے اور اس کا ایک ہی دن میں چالیس پوائنٹ جو بہتر ہوئے، تو پندرہ سے بیس ارب اس میں سے قریباً واپس آ گئے۔ لیکن مجموعی جو بات ہے وہ یہ ہے اور یہ میں فاضل ممبر کے لئے کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارے ملکی حالات

بھی غیر یقینی تھے اور دنیاوی سطح پر بھی Far East میں کوریا، ملیشیا، تھائلینڈ وغیرہ ممالک میں اقتصادی بحران تھے۔ اس کے با وجود خدا کے فضل سے آج جو اقتصادی حالت ہے وہ پچھلے نومبر سے بہتر ہے۔ ہمارے جو reserves ہیں وہ 500 million کی بجائے اس وقت 1.3 billion ہیں۔ ہمارا inflation rate کم ہو کر 12 سے 9 ہو چکا ہے، Industrial Growth rate جو پچھلے سال minus 1.4 تھا اب 3 ہے۔ جو ہمارا over all investment level ہے وہ بہتر ہے، اور reserves کا جو foreign exchange balance ہے اس میں ایک بلین ڈالر کی improvement ہو چکی ہے۔ یعنی پچھلے سال وہ چار ملین تھی، اس سال وہ اس سے ایک بلین بہتر ہوچکی ہے اور یہ ان مشکلات کے باوجود، یعنی اگر یہ مشکلات نہ ہوتیں اور سیاسی غیر یقینی نہ ہوتی اور regional atmosphere خراب نہ ہوتی تو ہمارا recovery programme اس سے کہیں بہتر ہوتا اور نتائج ہمارے سامنے بہتر ہوتے۔ اب کل ہی وزیر اعظم صاحب نے اس موضوع پر میٹنگ بلائی ہے تمام اپنی economic team کی، جس میں کہ ہم جو economic revival کا عمل ہے اس کو بہتر کرنے کے لئے، investment کو attract کرنے کے لئے، revenues کو بڑھانے کے لئے، exports کو بڑھانے کے لئے اقدامات جو ہیں لے بھی رہے ہیں اور مزید بھی لیں گے اور مجھے امید ہے کہ آئیندہ چند ہفتوں میں یہ recovery ہو جائے گی۔

سید اقبال حیدر: یہ جناب default کے بارے میں بتائیں گے کہ پاکستان کب default کرنے والا ہے۔

جناب سرتاج عزیز: کوئی default کا امکان نہیں ہے، خدا کا شکر ہے، ان کی خواہش ہوگی کہ ہوجائے لیکن انشاء اللہ کوئی نہیں ہوگی۔ ہمارے reserves اس وقت بھی 1.3 billion ہیں اور جو liabilities دینے والی ہیں وہ 350 ہیں۔ ورلڈ بنک اورآئی ایم ایف سے ہمیں 375 million dollars دسمبر سے پہلے ملنے کی امید ہےتو reserves میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ یکم جنوری کو اپنے loans pay کریں گے۔

Mr. Acting Chairman: Now, we come to item No.3.

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ جناب والا! پہلے جناب اقبال حیدر کے ارشاد کے بارے میں ذرا مجھے موقع دے دیں کیوں کہ انہوں نے دو باتیں عدلیہ کے وقار کے بارے میں کیں

ہیں۔ اور کہا کہ حکومت نے اس crisis میں کروڑوں روپے خرچ کئے ہیں۔ اس crisis میں جو routine کا کام تھا صرف وہی چلتا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا الزام بالکل ناجائز، غیرضروری اور غلط ہے اور میں اس کی پرزور تردید کرتا ہوں۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے عدلیہ کے وقار کے بارے میں کہا۔ جناب والا! ہماری حکومت نے عدلیہ کے وقار کے بارے میں ہر وقت خیال رکھا ہے اور بدترین crisis میں بھی خیال رکھا ہے۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ خدا کے لئے اچھی traditions قائم کیجئے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں جناب والا! کہ قومی اسمبلی میں عدلیہ کے وقار کے لئے دو دفعہ قرار دادیں پاس ہوئیں۔ وزیر اعظم کو عدلیہ نے طلب فرمایا تو حاضر ہوئے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب والا! انہوں نے اپنے اس آدمی کا جس نے اس attack کے لئے lead کیا اس کا کچھ نہیں کیا۔ اب یہ کون سی بات کر رہے ہیں۔ اب یہ مگر مچھ کے آنسو بہا رہے ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ دوسرے آدمی کی بات نہیں سننی ہے اور اپنی آواز کو اس حد تک استعمال کرنا ہے کہ دوسرا آدمی بات نہ کر سکے تو یہ تو مناظرے یا debate کے بنیادی اصول کے خلاف ہے۔ آپ نے بات کر لی ہے اور جب کہ point of order پر یہ باتیں نہیں ہو سکتیں، جس طرح آپ نے سارے مسائل اٹھائے ہیں لیکن اس کے باوجود میں عرض کروں گا کہ ان کے بارے میں مجھے جواب دینے کا حق ہے۔ اب میری بات سنیئے۔ جناب والا! وزیر اعظم صاحب کو عدلیہ نے طلب فرمایا تو دو دفعہ وہ عدلیہ کے سامنے حاضر ہوئے ہیں اور اگر کسی نے وہاں جا کر کوئی غلط قسم کی نعرہ بازی کی یا کوئی کارروائی کی تو حکومت نے ان کے خلاف کیس درج کیا۔ ان کو گرفتار کیا۔ آپ کی طرح نہیں کہ یہاں MNAs کو آپ نے مروایا اور پھر ان کے آپ نے پرچے بھی درج نہیں کئے، راؤ قیصر علی خان اور تہمینہ دولتانہ کو آپ نے اپنے لوگوں سے اسمبلی کے اندر زدوکوب کروایا اور پھر ان کے کیس درج نہیں کئے۔ اگر عدلیہ کے وہاں کوئی کام یا مظاہرہ ہوا تو ہم نے کیس درج کیا۔ ہم نے انکوائری کی۔ ہم نے لوگوں کو گرفتار کیا ہے اور عدلیہ کا ہم نے ہمیشہ احترام برقرار رکھا ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے عدلیہ کا احترام موجود ہے اور عدلیہ نے خود فیصلے کیئے ہیں ہم

نے ان کو تسلیم کیا ہے۔ ہم نے کسی جگہ پر بھی عدلیہ کے احترام میں کمی نہیں آنے دی۔

Mr. Acting Chairman: Item No.3,

کافی points of order ہو چکے ہیں۔

میاں رضا ربانی: جناب ہم پر الزام لگا ہے I have to reply that یہ مناسب بات نہیں ہے۔ جہاں تک فاضل وزیر صاحب نے فرمایا کہ جناب ان کی حکومت نے عدلیہ کا احترام کیا تو وہ میں سمجھتا ہوں کہ پوری دنیا کے سامنے عیاں ہے کہ کس طرح ۲۷ کو ۲۸ کو ان کے اپنے وزراء ان کے leading members of Parliament نے سپریم کورٹ کے اوپر attack lead کیا۔ اور جو آج یہ بات کر رہے ہیں کہ جناب ہم نے کیس درج کیا تو کیس کس کے خلاف درج ہوا جناب؛ جو چھوٹے غریب کارکن تھے ان کے خلاف کیس درج کیا گیا۔ جن لوگوں کی پریس نے نشان دہی کی ، جن لوگوں کی foreign media TV پہ تصویریں دکھائی گئیں کہ جو lead کر رہے تھے اس تمام سلسلے میں ان کو بچا دیا گیا اور جو یہ پارٹی ہے vested interest کی ، امیر لوگوں کی ، ان کو protection دی گئی اور غریب کارکنوں کو کہا گیا کہ تم بھئی جا کر بڑے صاحب کے لئے جیل کاٹ آؤ۔ جناب یہ بات کر رہے ہیں عدلیہ کے احترام کی۔ انہوں نے جس طرح عدلیہ کے احترام کو پامال کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس sub-continent کی پچاس سالہ تاریخ کے اندر یہ کبھی نہیں ہوا کہ سپریم کورٹ کے اوپر اس طرح حملہ کیا گیا ہو۔ یہ جرمنی کے اندر ہوا تھا ، برلن کے اندر ہوا تھا کہ سپریم کورٹ کے اوپر اس طرح کا حملہ ہوا ہے یا اب انہوں نے یہاں پہ کیا ہے تو یہ ہمیں درس عدلیہ کے احترام کے بارے میں نہ دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی راجہ صاحب۔

راجہ اورنگزیب: جناب والا! جیسا کہ میرے فاضل دوست فرما رہے ہیں سپریم کورٹ کے اس واقعہ کے متعلق تو میں ان سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ اس واقعہ کے متعلق نوائے وقت اخبار کے back pages ابھی منگوا لیں۔ اس میں صاف طور پر درج ہے کہ یہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے جن کے نام بھی وہاں درج ہیں اور ان کی عورتوں کے نام درج ہیں اور آپ یہ دیکھ لیں کہ انہوں نے ابھی تک اس کی تردید نہیں کی۔ اور حملہ کرنے والے سب یہ لوگ ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Acting Chairman: Now item No.3, please.

شیخ صاحب بیٹھیں جی۔ Now we come to item No.3, please بیٹھیں جی۔ no cross talk.

LEGISLATION

MOTION Re: CONDONATION OF DELAY

Mr. Justice (Retd) Dr. Javed Iqbal: Sir, I move under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the bill to amend the National Fund for Cultural Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural heritage (Amendment) Bill, 1997], be condoned till today.

Mr. Acting Chairman: It has been moved by Mr. Justice (Retd) Dr. Javed Iqbal that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the bill to amend the National Fund for Cultural Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural heritage (Amendment) Bill, 1997], be condoned till today.

(The motion was carried)

Mr. Justice (Retd) Dr. Javed Iqbal: The Report of the Standing Committee on the bill to amend the National Fund for Cultural Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural Heritage (Amendment) Bill, 1997], is presented.

Mr. Acting Chairman: The report stands presented. Now we come to item No.5. Mr. Sartaj Aziz.

BILL Re: THE CENSUS (Amendment) BILL, 1997.

Mr. Sartaj Aziz: Mr. Chairman sir! I beg to move that the Bill further to amend the Census Ordinance, 1959 [The Census Amendment Bill 1997] as passed by the National Assembly be taken into consideration.

Mr. Acting Chairman: Do you want to say any thing on this.

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین! جیسا کہ آپ دیکھیں گے کہ اس بل میں دو amendments ہیں۔ جیسا کہ فاضل ممبران کو معلوم ہو گا یہ original Ordinance ۱۹۵۹ کا تھا اور اس میں ۹۱ میں کچھ amendments کی گئی تھیں جس میں ہاؤس کی Council ' definition کی Chief Census Commissioner 'definition کو change کیا گیا تھا۔ اب اس وقت جو ضرورت محسوس ہوئی وہ صرف penalties کے حوالے سے ہے کہ چونکہ شکایات آئی تھیں پچھلی دفعہ House Listing Census میں' کچھ نہ کچھ کوشش کی گئی تھی result میں interfere کرنے کی' تو اس کے لئے یہ ضروری تھا کہ جو punishments provide کی گئی ہیں original Ordinance میں' ایک مہینے کی قید اور ایک ہزار روپے جرمانہ۔ اس کو زیادہ موثر بنانے کے لئے ایک مہینے کو چھ مہینے کر دیا جائے اور ایک ہزار روپے کو پندرہ ہزار روپے کر دیا جائے۔ تو یہ دو amendments اس میں ہیں۔ اس کا Ordinance جو issue ہوا تھا ' اس وقت جب اکتوبر میں census ہونا تھا' اب چونکہ census کی تاریخ دو مارچ سے لیکر ۱۸ مارچ تک ہے تو یہ Ordinance اس حوالے سے ۴ فروری کو lapse ہو جائیگا۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ اس کو قانونی شکل دی جائے تا کہ جو deterrent fact ہے ان amendments کا وہ census میں کار آمد ثابت ہو۔

(مداخلت)

جناب سرتاج عزیز: ٹھیک ہے جناب۔ Thank you

جناب قائم مقام چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب چیئرمین صاحب! یہاں ایک بڑی اچھی بات کہی گئی ہے کہ غلط اندراج کو روکنے کے لئے اس Census Ordinance میں ترمیم کی جا رہی ہے ۔

ترمیمی بل ۱۹۹۷ء اس لئے پیش کیا جا رہا ہے کہ غلط اندراج کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ میں اس معزز ایوان کے توسط سے حکومت وقت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایک ایسے ملک میں جہاں غیر ملکی بشمول افغان مہاجرین، لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں اور ایک ایسا ملک جس کے بارڈر سب کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔ اگر افغانستان سے ایک آدمی، افغان مہاجرین کے علاوہ، اگر آج بھی افغانستان سے کوئی آ جائے کوئٹہ شہر میں یا کہیں بھی وہ بلوچستان میں اسی دن لوکل بن جاتا ہے اور اسی طرح اگر بھارت سے کوئی پاکستان آنا چاہے تو وہ بھی یہاں کا مقامی بن جاتا ہے۔ اور آج بھی یہ سلسلہ بدستور جاری ہے۔ میں حیران ہوں کہ یہ کس طرح سے کہتے ہیں ہم census کو transparent اور fool proof بنائیں گے جبکہ یہا ں لاکھوں کی تعداد میں غیر ملکی بشمول افغان مہاجرین موجود ہوں اور نہ صرف یہ بلکہ یہاں کی political parties بھی ایسی ہیں جو ان کو یہا ں کا شہری بنانے پر بضد ہیں۔ باقاعدہ وہ campaign چلاتے ہیں۔ وہ سیاست اس بنیاد پر کرتے ہیں، ان کی سیاست کی بنیاد یہ ہے کہ افغان مہاجرین کا اندراج ہو جائے۔ لاکھوں انڈین ہیں یا برمی ہیں یا وہ دوسرے لوگ ہیں، بنگالی ہیں، انڈونیشینز ہیں کراچی میں خاص طور پر اور دوسرے غیر ملکی شہری ہیں، ان کا اندراج ہو جائے تا کہ کسی پارٹی کا قد بڑا ہو جائے یا ووٹ پاور بڑا ہو جائے ۔ جس ملک میں یہ صورت حال ہو تو آپ ایک مہینے سے چھ مہینے کی سزا یا پانچ ہزار سے پندرہ ہزار روپیہ جرمانہ کی بات کرتے ہیں تو اس کو کیسے روکیں گے۔

دوسرا آپ یہ دیکھیں جناب کہ ۱۹۷۹ سے، جب سے افغان جنگ جاری ہے، افغانستان میں مداخلت بدقسمتی ہے، پچھلی مارشل لاءحکومت نے ایسا کیا ہے، اب وہ بچے جوان ہو گئے ہیں، اٹھارہ سال اور بیس بیس سال ان کی عمر ہو گئی ہے ۔ ان کے پاس شناختی کارڈ ہیں، ان کے پاس پاسپورٹ ہیں، ان کی جائدادیں ہیں، غیر ملکی یہاں جائداد خریدتے ہیں ۔ کتنے بڑے افسوس کی بات ہے کہ اپنے شہری بے روزگار ہیں۔ وہ لاکھوں کی تعداد میں ڈگریاں لئے دھکے کھا رہیں ہیں، پڑھے لکھے لوگوں کو روز گار نہیں ملتا ہے اور جو غیر ملکی ہیں وہ کراچی شہر، کوئٹہ شہر، پشاور شہر اور بہت سی جگہوں پر وہ کاروبار کرتے ہیں ۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ transparent census کرائیں گے، جب کہ آپ کی حکومت کی پالیسی ابھی تک یہ واضح نہیں کہ ان غیر ملکیوں کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ کب آپ غیر ملکیوں کو کراچی، فرنٹیئر اور پنجاب سے نکالیں گے۔ حکومت کی کوئی واضح پالیسی ہونی چاہیئے ۔ آپ کا شہریوں کو چھوٹی موٹی سزا دینے سے تو یہ مسئلہ حل

نہیں ہو گا۔

دوسری اہم بات یہ ہے جناب والا' ہمارے ملک میں census میں ایک مقابلہ بازی ہے کیونکہ یہاں فنڈز رقبے کی بجائے آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہوتے ہیں۔ہر صوبہ کوشش کرتا ہے کہ میری آبادی جو ہے اسمیں اضافہ ہو تاکہ اس کی سیٹیں قومی اسمبلی میں بھی زیادہ ہوں اور این ایف سی ایوارڈ میں جو فنڈز آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہوتے ہیں ' اس میں بھی وہ اپنے لئے زیادہ سے زیادہ لے جائیں۔ آپ کیوں نہیں اس پر غور کرتے کہ فنڈز آبادی کی بجائے رقبے کی بنیاد پر دیئے جائیں۔ اس ملک کے لئے کوئی ایسا طریقہ کار نکالیں کیونکہ کبھی حکومت سندھ کو اعتراض ہے ' کبھی پنجاب کو اعتراض ہے ۔ کبھی حکومت بلوچستان کو اعتراض ہے ۔ کبھی صوبہ سرحد کی حکومت کو اعتراض ہے ۔اس کی وجہ یہ ہے کہ کوئی بھی یقین نہیں کرتا کہ یہ census صحیح ہوں گے۔ پھر وہ بوگس اندراج ' بوگس طریقہ کار اور خاص طور پر جب ملک میں مالیات کی تقسیم رقبے کی بجائے ' کم ترقی یافتہ علاقوں کی بجائے آبادی اور جو ڈویلپ علاقے ہیں ان کے لئے خرچ ہوں۔ صرف آپ فنڈز کو ان کے لئے استعمال کریں گے ۔یقیناً لوگوں کے دلوں میں کافی خطرات ہوں گے ۔ میں آپ کے توسط سے حکومت سے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ ہمیں مطمئن کریں۔ جناب آپ census مارچ میں کروائیں گے اور یہ لاکھوں غیر ملکی بشمول افغان مہاجرین جو ہمارے سر پر مسلط کیے ہیں ' نہ ان کے شناختی کارڈ آپ ضبط کر رہے ہیں ' نہ ان کے پاسپورٹ ضبط کر رہے ہیں ' نہ ان کی جائیدادیں ضبط کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ! حقیقت یہ ہے کہ یہ پورے پاکستان کے لئے foreigners بدنامی کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ پاکستانی پاسپورٹ پر غیرملک جاپان وغیرہ میں جاتے ہیں تو پاکستان کا نام بدنام ہو رہا ہے ۔سب حرکتیں یہ کرتے ہیں لیکن نام پاکستان کا بدنام ہوتا ہے کیونکہ ان کے پاس پاسپورٹ پاکستان کا ہے ۔ تو میں حکومت وقت سے چاہوں گا کہ یہ ہمیں مطمئن کریں ۔ یہ بتائیں census سے پہلے غیر ملکیوں کو بشمول افغان مہاجرین کو کب نکالیں گے ۔ کب ان کو اپنے اپنے ممالک میں روانہ کریں گے۔ کب پاکستانی شہریوں کی جان ان تمام غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی بشمول افغان مہاجرین سے آزاد ہوگی اور اس تجویز پر غور کریں گے کہ فنڈز آبادی کی بجائے رقبے کے لحاظ سے این ایف سی ایوارڈ صوبوں کے لئے مختص کریں گے۔ میرے یہ دو سوال ہیں ان کے بارے میں بتائیں ۔ کب ہمیں نظر آئے گا کہ یہ free, fair and transparent

census اس ملک میں ہوں گے۔ ہمیں تو نظر نہیں آتا کہ اس صورت حال میں جہاں اتنے غیر ملکی بشمول افغان مہاجرین موجود ہوں اور فنڈز آبادی کی بجائے رقبے کے لحاظ سے تقسیم ہوں تو census free, fair , transparent ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔جی عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ شکریہ جناب چیئرمین ! یہ جو census آرڈیننس میں امنڈمنٹ آئی ہے اس کی جو Statement of Objects & Reasons ہے ' اس سے حکومت نے یہ اندازہ کیا ہے کہ جو ریکارڈ ہے یا جو census ہے ' اس میں ٹمپرنگ ہو رہی ہے اور جو یہ enumerators census کرنے جا رہے ہیں یا counting کرنے جا رہے ہیں ' وہ صحیح کام نہیں کر رہے ۔اس کی وجہ سے جو بات سامنے آتی ہے ' اس وجہ سے حکومت یہ چاہتی ہے کہ اس مد میں جو قید ہے وہ بھی بڑھائی جائے اور جو غلط کام کرنے کا fine ہے اس کو بھی بڑھایا جائے ۔میں اسی چیز کو بنیاد بنا کر جناب وزیر خزانہ صاحب کی توجہ اس طرف دلاؤں گا کہ ہمارا آخری census ۱۹۸۱ء میں ہوا ۔ اس سے پہلے یہ جو سلسلہ تھا ہر دس سال کے اندر ایک دفعہ census ہونے کا وہ چلتا رہا لیکن بدقسمتی سے اس کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں جن پر میں فی الحال نہیں جانا چاہوں گا لیکن ۸۱ء کے بعد ابھی تک ہم census نہیں کر سکے ہیں۔ہم نے ۱۹۹۱ ء میں کوشش کی'جب میاں نواز شریف صاحب کی پہلی حکومت تھی کہ ہم census process سے گزریں۔لیکن اس وقت نہیں گزر سکے ۔پھر ۱۹۹۴ء میں جب محترمہ بے نظیر وزیر اعظم تھیں' اس وقت بھی یہ کوشش ہوئی لیکن اس میں بھی ناکامی ہوئی ۔ اور پھر ۱۹۹۷ء میں اس حکومت نے نومبر میں مردم شماری کرانے کا اہتمام کیا لیکن ان کو بھی ناکامی ہوئی ۔ اب یہ اس کو ملتوی کرکے مارچ ۹۸ء تک لے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں اور جو مجھے نظر آ رہا ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ کہا جائے کہ ہمیں صحیح حالات نہیں ملے لیکن جو بات سامنے آ رہی ہے یہ التواء اکتوبر ۹۷ء سے مارچ ۹۸ء تک ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ درمیان میں میعاد مل رہی ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا ۔ میں وزیر خزانہ کی توجہ اس طرف دلاؤں گا کہ یہ میعاد آپ نے خود بڑھائی ہے اب اس سے فائدہ بھی اٹھانے کی کوشش کریں چونکہ ہو یہ رہا ہے کہ جیسے ڈاکٹر حئی صاحب نے بھی بعض چیزوں کی طرف متوجہ کیا ۔ census controversy اس لئے اتنی زیادہ بڑھ گئی ہے کہ جب ہم اپنی

population determine کرتے ہیں۔ اسی حوالے سے مختلف صوبوں کو ہم مختلف پولز سے مرکز سے پیسہ دیتے ہیں۔ وہ بھی اس پر depend کرتا ہے۔ پھر جناب جو قومی اسمبلی کی سیٹیں ہیں وہ بھی مردم شماری پر depend کرتی ہیں تو اب 81ء کے بعد یہ مسئلہ ہر صوبے کے لئے موت و زیست کا مسئلہ بن گیا ہے۔ جب تک آپ ہر صوبے میں اس پروسیس کو صاف، شفاف طریقے سے مکمل نہیں کریں گے تو میرا یہ خیال ہے کہ مختلف صوبوں کے درمیان ڈویژن بڑھے گی۔ اس وقت بھی صورت حال یہ ہے کہ بلوچستان کا صوبہ رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔ وہاں ان کے لیے افغان مہاجرین کے حوالے سے بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے ۔ حتیٰ کہ اس حد تک مسئلہ چلا گیا ہے کہ جو دوسری سائیڈ ہے وہ نتائج تسلیم کرنے کو بھی تیار نہیں ۔ حقیقت میں جو حکومت نے وجوہات بتائیں اور جو حال ہی میں census ملتوی کیا، اس وقت بھی بلوچستان گورنمنٹ نے کہا کہ اس وقت، ان حالات میں یہ کام کرنے سے اس قدر تضاد بڑھ جائیں گے جو فیڈریشن کے لئے نقصان دہ ہو گا ۔

اس کے ساتھ ساتھ سندھ میں بھی مسئلہ پڑا ہوا ہے ۔ سندھ میں بنگالی، اور غیرقانونی بہاری اس قدر آ گئے ہیں اور ہر گھر میں ہیں ۔ اس وقت پاکستان کے بارے میں مشہور یہ ہے کہ اگر کہیں غیرقانونی تارکین ہیں تو وہ پاکستان میں ہیں ۔ ہو یہاں یہ رہا ہے کہ آدمی میرے خیال میں بعد میں پہنچتا ہے شناختی کارڈ اس کا پہلے جاری ہو جاتا ہے ۔ اس میں، میں سمجھتا ہوں کہ غلطی صرف اس حکومت کی نہیں ہے بلکہ یہ ہماری collective غلطی ہے ۔ ہم بحیثیت مجموعی اس نہج پر چلے گئے ہیں کہ ہم اپنے مفاد کے بارے میں بھی نہیں سوچ رہے ۔ بہرحال یہ غیر قانونی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ جو جاری ہو جاتے ہیں ان کو کون جاری کرتا ہے؟ حیرت کی بات ہے کہ اس کے بغیر ہماری اور کوئی بنیاد بھی نہیں ہے ۔ ایک آدمی ہے شناختی کارڈ پہلے جاری کراتا ہے اور آتا بعد میں ہے لیکن جب اس کے پاس شناختی کارڈ موجود ہے تو شمارکنندہ کس طرح کہے گا کہ یہ پاکستانی نہیں ہے۔ پچھلی دفعہ بھی ہماری فنانس کمیٹی نے اس پر بات کی تھی اور ممبران نے کافی تجاویز بھی سیکریٹری شماریات کو پیش کی تھیں ۔ لیکن ایک پرابلم آ رہا تھا وہ یہ کہ جب آپ ایک آدمی کو، جو کہ غیرقانونی تارکین وطن میں سے ہے لیکن جب اس کے پاس شناختی کارڈ اور پاسپورٹ پاکستانی موجود ہے تو شمار کنندہ کس طرح یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ پاکستانی نہیں ہے؟ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ پاکستانی نہیں ہے ۔ اس نے رشوت دے کر یا کسی اور طریقے سے یہ

قانونی دستاویزات بنوا لی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب ماشاء اللہ حکومت کے مسائل بھی کچھ کم ہوئے ہیں تو میری وزیر خزانہ سے درخواست ہے کہ جو مسائل تقریباً ہرصوبائی حکومت نے اٹھائے ہیں اور اخبارات میں بھی مضامین آتے رہے ہیں تو اس وقت کا فائدہ لیتے ہوئے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ جہاں تک غلط بیانی کرنے والے کے لیے اور دیگر سزائیں تجویز کردہ ہیں ان کو میں یقیناً سپورٹ کرتا ہوں ۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین ۔جی ظریف خان مندوخیل صاحب ۔

شیخ ظریف خان مندوخیل ۔ شکریہ جناب چیئرمین ! ڈاکٹر حئی صاحب اور ہمارے دیگر بھائیوں نے باتیں کی ہیں ۔ میں اور آپ دونوں بلوچستان اسمبلی کے ممبرز تھے ۔ اس وقت ہمارا ایک وفدیہاں جناب ضیاء الحق صاحب اور جناب جونیجو صاحب کی خدمت میں پیش ہوا اور ان سے یہ request کی تھی کہ صاحب ہمارے بلوچستان کی مردم شماری، کم سے کم ہمارے پٹھانوں کے لئے 80% غلط ہے۔ مرحوم خان قلات صاحب نے اپنے زمانے میں کہا کہ جب تک تصفیہ ہوتا ہے اس وقت تک 40% پٹھانوں کی اور 60% بلوچوں کی آبادی شمار ہو۔ ہم نے کہا کہ صاحب نہیں ،مردم شماری ہونی چاہئیے۔ 60 اور 40 کا ہم نہیں مانتے ہیں ۔اب سوال یہ ہے کہ ڈاکٹر عبدالحئی صاحب بڑے پاکیزہ سیاستدان ہیں۔ وہ قوموں کے درمیان فرق نہیں لاتے ہیں لیکن افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہر ایک کے منہ میں افغان مہاجر کی بات ہوتی ہے۔ بلوچستان میں آپ کو بخوبی علم ہے کہ ایران سے بھی مہاجر آئے ہیں، افغانستان سے پرانے بھی آئے ہیں۔ غیب زئی اورحمید زئی قوموں کے بیچ رہتے ہیں۔ ایران سے جو لوگ آئے ہیں وہ اس ہاؤس میں سینیٹر بھی بن گئے ہیں ۔ان کا نام کوئی نہیں لیتا ہے۔

افغانستان والوں نے ،حالانکہ میں افغانی نہیں ہو ں،میں کچھ بھی نہیں ہوں ،میں پاکستانی ہوں اور ژوب کا رہنے والا ہوں بلوچستان کا، افغانستان والے اگر قربانی نہ دیتے تو میرے خیال میں روس والے ہمارے سمندروں کے قریب آچکے ہوتے ۔انہوں نے قربانیاں دی ہیں اور ہم لوگوں نے، ہماری حکومتوں نے ان کی اسی لئے مدد کی ہے کہ انہوں نے ہماری جگہ پر قربانی دی ہے۔ میں آپ کے توسط سے حکومت پاکستان سے یہ گزارش کروں گا کہ ہمارے بلوچستان کی مردم شماری میں ہمارے جو پٹھانوں کے areas ہیں ، وہ کم سے کم سو فیصد غلط ہیں۔ میرے خیال میں 43

کی اسمبلی میں ہمارے ساڑھے چھ ممبر تھے ۔ آپ مہربانی کریں۔ ہمیں ضیاء الحق صاحب نے کہا تھا کہ ہم آپ کی کیا مدد کر سکتے ہیں ۔ہم نے کہا تھا کہ ہماری request یہ ہے کہ ہماری مردم شماری فوج کی نگرانی میں کریں یا کم سے کم ہوائی جہاز کے ذریعے فوٹو لے لیں کہ کتنے خانہ جات ہیں اور کتنے اس میں لوگ ہیں ۔جدھر ایک گھر ہوتا ہے ادھر دو ہزار مردم لکھتے ہیں۔ اب وزیر اعلیٰ ہمارا ہوتا نہیں ہے اور دوسرے کو ہم ٹھیک نہیں کر سکتے ہیں۔

میں نے ضیاء الحق مرحوم کو کہا تھا کہ صاحب اگر آپ ذاتی دلچسپی نہیں لیں گے تو بشیر مسیح وغیرہ تو اقلیت میں ہیں ۔ہم پٹھان اقلیت میں بھی نہیں رہیں گے۔ یہ میں ایک بار اور گزارش کروں گا اور میں نواز شریف صاحب کے علم میں بھی یہاں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ پٹھانوں کے ساتھ یہ بہت زیادتی ہے ۔بہت سارے بلوچ ایریے میں بھی لوگوں کے ساتھ حق تلفی مردم شماری میں ہوئی ہے۔ یہ فوج کی نگرانی میں کروائیں تاکہ صحیح ہو ۔اگر فوج کی نگرانی میں نہ ہوئی تو میں پھر اسی ہاؤس میں بولوں گا کہ صحیح نہیں ہوئی ہے اور ہم ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ شکریہ جناب ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ جی ،جناب شیخ رفیق صاحب ،جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ ہم تمام غیر ملکی لوگوں کا کہتے ہیں ۔ یہ نہیں کہ ایرانی مہاجرین کا یہاں ذکر نہ ہو، کوئی بھی ہو چاہے افغان مہاجر ہو یا کوئی اور ہو، بھارت سے آیا ہوا مہاجر ہو، کہیں سے بھی ہو، ہم کہتے ہیں کہ بنگالی ہو کوئی بھی ہو مہاجر ۔

(مداخلت)

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ میں حیران ہو ں کہ ایک ایرانی پتا نہیں کون سینیٹر ہوا ہے ۔ کون ہے۔ اس پاکستان میں پچاس سال میں کوئی ایک ایرانی مہاجر بتائیں ۔میں حیران ہو ں کہ ایرانی مہاجر یہاں سینیٹر ہوئے ہیں یا نمائندے ہوئے ہیں۔ ایک ایرانی مہاجر کا نام بتائیں کہ کوئی سینیٹر ہوا ۔جناب اس میں کوئی صداقت نہیں ہے ۔ہم کسی ایرانی مہاجر کے حق میں نہیں ہیں ۔ افغان مہاجرین ،ایرانی سب جائیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین ۔ جناب شیخ صاحب۔

شیخ رفیق احمد ۔ میں زیادہ بحث میں نہیں جانا چاہتا کہ دوسرے ممالک میں یہاں

سے lawfully گئے ہوئے لوگ اگر ایک دو دن یا ایک ہفتے کے لئے زیادہ ٹھہر جائیں تو اس کو deport کر دیتے ہیں ۔ابھی پچھلے ہی چند دنوں کی بات ہے کہ پاکستان میں مڈل ایسٹ سے کتنے Deportees آئے ہیں لیکن پاکستان میں ، جیسے ڈاکٹر صاحب کہہ رہے تھے ، ایسے معلوم ہوتا ہے کہ دروازے سب کے لئے کھلے ہیں ۔ملک کے اندر آنے کا مسئلہ تو اپنی جگہ، ایک اس سے بھی بڑا مسئلہ ہے sensus کے ساتھ ایک طرف تو ہم Population planning کے سلسلے میں کروڑوں روپے خرچ کر تے ہیں اپنے خاندانوں کو یہ تحریک دیتے ہیں کہ ایک بچہ پیدا کریں ،دو بچے پیدا کریں ۔ مگر اس تحریک کا فائدہ کیا ہوتا ہے کہ پلے پلائے لاکھوں لوگ باہر سے ہر سال آ جاتے ہیں ۔ اس لئے یہ ایک بڑا وسیع مضمون ہے۔ میں آپ کی توسط سے جناب متعلقہ وزیر سے درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ آج کا بل تو اپنی جگہ پر ہے ۔ ہم اس کی مخالفت نہیں کر رہے ہیں۔ کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ جتنی ایماندارانہ مردم شماری کیلئے سختی کی جائے ٹھیک ہے ۔وہ لوگ جو غیر قانونی طور پر موجود ہیں۔ جن کا کوئی استحقاق نہیں ہے، جن کا کوئی حق نہیں ہے ، وہ اپنا نام صحیح لکھوا دیں گے تو آپ کیا کریں گے؟

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ میں وزیر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ اس موضوع پر اگر کسی وقت کوئی ایڈجرنمنٹ موشن یا قرارداد آجائے، وہ مناسب سمجھیں تو دو ، تین یا چار گھنٹے کے لئے سب کا نقطہ نظر سن لیا جائے ۔ اس میں کسی کی مخالفت یا کسی کی حمایت نہیں ہے ۔اس مسئلے پر کس طریقے سے قابو پایا جا سکتا ہے ، کس طرح حل کیا جا سکتا ہے اور آج چاروں طرف سے آنے والوں کی یلغار ہے ۔ ہم تو اپنے نوجوانوں کو باہر روٹی کمانے کے لئے بھیجتے ہیں لیکن وہ قانونی طور پر جاتے ہیں ۔ اس کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ لوگ پاکستان کے اندر داخل ہو جاتے ہیں ، جس میں تخریب کاری کی بھی گنجائش ہوتی ہے ، غیر قانونی سرگرمیوں کی بھی گنجائش ہوتی ہے ۔ میرے دو ، تین دوست اور مہربان بیٹھے ہوئے ہیں ۔میری ان سے درخواست ہے ۔ اسی اجلاس میں ضروری نہیں ۔ جب بھی وہ مناسب وقت سمجھیں تو پورے ایوان کی اس پر رائے لیں اور موقع دیں کہ وہ اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں ، کچھ اپنی تجاویز دے سکیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین ۔ جی جناب جمیل الدین عالی صاحب۔

جناب جمیل الدین عالی۔ جناب والا! میں اس بل کی ' اس تجویز کی حمایت کرتا ہوں جو سب ہی کر رہے ہیں لیکن میں آپ کے توسط سے ایک بات کی توجہ وزیر خزانہ صاحب اور ان کی حکومت کو دلانا چاہتا ہوں۔ اگر ہم جیسوں کی بات پریس بھی نوٹ کر ے تو مہربانی ورنہ ہم تو لکھنے والے لوگ ہیں لکھ دیتے ہیں۔ جناب! اس کا سب سے بڑا مسئلہ ایک تو خیر پچھلے مقررین نے کہا کہ غیر پاکستانی لوگ آئے ہوئے ہیں۔ وہ بھی اپنا نام لکھوا دیں گے یا لکھوا دیتے ہیں۔ وہ ایک دوسرا مسئلہ ہے' وہ ایک طرح کا دوسرا انتظامی مسئلہ ہے۔ مجھے اس کے بارے میں زیادہ تبصرہ نہیں کرنا ہے ۔ جناب والا! اصل مسئلہ یہ ہے کہ جو میں خطرہ دیکھتا ہوں ۔میں اس ایوان کی وساطت سے اپنی بہت ہی ناچیز حیثیت کے باوجود پورے ملک کووارننگ دیتا ہوں کہ قومی یکجہتی کو جتنا بڑا ایک نیا خطرہ اس وقت اس ہونے والی مردم شماری کے بارے میں ان افواہوں سے پہنچ رہا ہے جو روز گشت کرتی ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ پچھلے ایسٹ پاکستان کے fall کے بعد سے اتنا بڑا خطرہ پیدا نہیں ہوا ہو گا ۔ جناب ! وہ خطرہ یہ ہے کہ فنڈز چونکہ allocate آبادی کی بنیاد پر کرتے ہیں ' جو کہ ایک بڑا disputable موضوع ہے ' کہ آپ آبادی کی بنیاد پر فنڈز allocate کریں اور استحقاق کی بنا پر ' جس پر بلوچستان بھی روتا ہے ' چھوٹے علاقے بھی روتے ہیں ' فاٹا بھی روتا ہے ۔ جناب ! اس کی وجہ سے یہ ایک بات پیدا ہو گئی ہے کہ ہم اپنے صوبے کے شہریوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ لکھوائیں یعنی میں بعض راہنماؤں کی باتیں سنتا ہوں' میں اخباروں میں یہ خدشات دیکھتا ہوں اور ہم دیکھتے ہیں ۔ہم سماجی طور پر سب لوگوں سے ملتے ہیں' وہ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں کہ اگر ہم نے نہ کیا تو فلاں صوبہ یا فلاں قومیت یا فلاں شہر یا اربن سندھ کے یا رورل سندھ کے لوگ اپنے نام زیادہ لکھوا لیں گےیا سرائیکی کے لوگ زیادہ نام لکھوا لیں گے ۔ اس کا مطلب ہے کہ پنجاب میں rift آتی ہے ۔ ہزارہ کے لوگ اپنے نام زیادہ لکھوالیں گے ۔سرحد میں rift آتی ہے۔

جناب ! کہاں کہاں کا ذکر کیا جائے ۔ جس کو اس ملک میں سب سے کم اہمیت دی جاتی ہے اور مجھ جیسے لوگ جب اس پر بولتے ہیں تو وہ بڑے odd man سمجھتے جاتے ہیں کہ اس کی تہہ میں قومی یکجہتی کے پارہ پارہ ہونے کی لہریں ہیں ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ اگر فرض کریں کہ پنجاب میں ایک فیصد زیادہ آبادی ہو گئی ' مگر فنڈز کا allocation میرٹ پر رہا ' صرف آبادی پر نہیں رہا تو میرا کیا بگڑتا ہے۔ ایک پنجاب کی آبادی تھوڑی سی زیادہ ہوئی یا سندھ کی

آبادی تھوڑی زیادہ ہوئی ۔ So far as they are honest , federal federation is, federal pakistanis. جناب! کیا بگڑتا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے آپ کے ہاں روایات یہ قائم ہیں کہ پاکستان کو بجائے پاکستان کے صرف ایک فیڈریشن سمجھ لیا گیا ہے کہ جیسے صرف یہ ایک فیڈریشن ہے ۔ یہ وہ ایک آئیڈیل ملک نہیں ہے ، جس کے لئے کوشش کی گئی تھی۔ جس کا کوئی نصب العین نہیں ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب جمیل الدین عالی صاحب ۔ آپ بل پر آ جائیں، debate تو بعد میں ہو جائے گی ۔

جناب جمیل الدین عالی: میں جلدی ختم کرتا ہوں ، جناب میں تو عرض یہ کر رہا ہوں کہ یہ صرف چار صوبوں کا انتظامی مجموعہ نہیں ہے ، یہ ideological ملک ہے۔ اس میں مردم شماری کے بارے میں حکومت کو چاہیئے کہ اخلاقیات کی تعلیم پر زیادہ زور دے ۔ پندرہ ہزار کا fineاور چھ ماہ کی قید اپنی جگہ ٹھیک ہیں لیکن سچ بولنے کی اخلاقیات اور اپنے حالات صحیح بیان کرنے کی بھی کوئی اخلاقیات ہوتی ہیں، جو دوسرے مہذب ممالک میں ہیں ۔ ان میں بھی کچھ ہوتا ہے ، ہمارے ہاں ایک دوسرے پر شبہ کرتے ہوئے اپنا نمبر بڑھانا ہے اور دوسرے کا گھٹانا ہے ۔ آخر ہمارے ہاں حکومت ان اخلاقیات کی طرف کب آئے گی اور اس کے لئے کب قانون سازی یا ڈبیٹ کرے گی۔میں ڈاکٹر عبدالحئی صاحب کی تائید کرتاہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی۔ قائم علی شاہ صاحب۔

سید قائم علی شاہ۔ جناب چیئرمین! ویسے تو بظاہر یہ بہت ہی چھوٹا بل ہے اور چند linesہیں لیکن یہ بہت ہی اہمیت کا حامل بل ہے اور بہت ہی sensitive ہے۔ اب اگر حکومت سمجھتی ہے کہ ان چند سطور سے یا ان دو الفاظ سے یا یہ جو جرمانہ پندرہ ہزار ہے یا چھ مہینے قید ہے، اس سے کوئی اس census کو کنٹرول کر سکیں گے اور اس census سے ان کو صحیح اعداد وشمار ملیں گے تو یہ ان کی بڑی بھول ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی صورت میں یہ practicalنہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ وزیر خزانہ اس طرف توجہ دیں کہ اس کے لئے ضرورت ہے پورے قانون کو دیکھنے کی جو کہ 59 ء میں بنا ہے۔ اب حالات مختلف ہیں ، تقاضے مختلف ہیں، لوگوں کے جذبات و احساسات مختلف ہیں اور وہ جو 59 ء والا قانون ہے وہ اب اتنا practical

نہیں ہے۔ اب آپ دیکھیں کہ بلوچستان کے views آپ نے سن لئے ' سندھ کے views بھی میں عرض کر رہا ہوں اور دوستوں نے بھی بتائے ہیں' پنجاب کے اپنے strong views ہیں۔ پندرہ سال سے census کیوں نہیں ہوا ۔91ء میں ہونا تھا 'جناب اب 91ء سے 98ء میں آ رہے ہیں تقریباً 20 دن کے بعد' ابھی تک census میں sure نہیں کہ مارچ تک ہو۔ ان کے پاس اتنا مینڈیٹ ہے' یہ commitment لے کر آئے تھے کہ ہم پہلے مرحلے میں دو چیزیں ضرور کریں گے ایک census اور دوسرا local bodies کے elections ' دونوں نہیں کر سکے اور میں سمجھتا ہوں کہ دونوں اتنے sensitive ہیں کہ انہوں نے لوگوں کے اور صوبوں کے احساسات اور جذبات محسوس کر کے ملتوی کئے ہیں۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اس پورے قانون کو چاروں صوبوں کے نمائندہ لوگوں کو ' چاہے وہ پارلیمنٹ کے لوگ ہوں' ان کو بٹھا کر آج کل کے حالات کے مطابق اس قانون کو review کریں۔

ابھی آپ نے ڈاکٹر حئی صاحب کے views سنے ۔ یہ حقیقت ہے کہ وہاں لوگ کتنے باہر سے آئے ہیں اور وہاں کتنے جھگڑے بھی ہوتے ہیں اور وہ اتنا sensitive ہے ۔ میں خود وہاں گیا ' کہا گیا کہ ہمارا سارا business دوسرے صوبوں کے پاس ہے ۔یہی حالات ہمارے صوبے میں ہیں کہ کئی لوگ آئے ہیں ' مختلف علاقوں سے آئے ' مختلف ممالک سے آئے ' کوئی check & balance نہیں ہے ۔ابھی شیخ صاحب نے حوالہ دیا ' انہوں نے پورا نہیں دیا' سعودی عرب ہمارا دوست ملک ہے ' ہمیں اس ملک کا بہت احترام ہے۔ جہاں ہم حج کے لئے جاتے ہیں ' جہاں ہم گناہ بخشوانے کے لئے جاتے ہیں ' وہاں پندرہ پندرہ سال ' بیس بیس سال ' تیس تیس سال سے لوگ رہ رہے تھے ' اب ان کو warning دی کہ جو بھی illegal immigrants ہیں ان کو نکالو' حکومت نے کچھ نہیں کیا ' اٹھارہ سو تو میری آنکھوں کے سامنے بھوکے ننگے آئے ' ان کو جہاز پھینک کر چلا گیا۔اسی طرح مسلمان انڈیا میں گئے۔ابھی Gulf countries سے آئے' دبئی سے آئے ' وہاں لوگ اتنے سالوں سے تھے لیکن قانون اتنا سخت تھا اور گورنمنٹ کی writ اتنی strong تھی کہ ان کو مجبوراً واپس آنا پڑا۔ یہاں تو کئی warnings ملیں' کوئی سوچتا ہی نہیں ' کوئی سمجھتا نہیں' کوئی پرواہ ہی نہیں کرتا کہ ہمارے پاس شناختی کارڈ ہے ' پاسپورٹ بھی ہے ۔ یہ کافی سند ہے ' ہم ووٹ بھی دے دیں گے' ہم نام بھی داخل کرا دیں گے' ہم پڑھائی کے لئے کوٹہ بھی لے لیں گے اور ہر قسم کی سہولتیں بھی لے لیں گے۔ ویسے ان کا حق ہے

نہیں، اس کے لئے کئی دفعہ گورنمنٹ نے ، پہلی گورنمنٹ نے بھی اور اس سے پہلی گورنمنٹ نے بھی یہ بار بار کہا۔ ابھی صرف کراچی میں بیس لاکھ immigrants ہیں۔ ابھی تو اس سے بھی زیادہ کہتے ہیں اور ان کے بچے ، پتہ نہیں کتنے کتنے لوگ پیدا ہوئے ہیں۔ کالونیاں بن گئی ہیں۔ لوگوں کو مچھروں کا بھی احساس نہیں ہے وہ بھی توبہ کرکے چلے گئے ہیں۔ ان کے نام پر کراچی میں کالونیاں ہو گئیں ہیں۔ مچھر کالونی ہے۔ کہتے ہیں کہ مچھر کالونی ایک اعزاز ہو گیا ہے کہ مچھروں کی طرح آبادی بڑھ گئی ہے۔ اس لئے گورنمنٹ کو سب سے زیادہ اقتصادی صورتحال کی دشواریاں ہیں۔ فنانس منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ crises ہیں۔ crises کیسے نہیں ہوں گے۔ آبادی اتنی بڑھتی جائے گی۔ صرف سندھ میں، میں کہتا ہوں growth rate 6% سے زیادہ ہے۔ دوسرے علاقوں کی نسبت سب سے زیادہ کراچی اور سندھ میں growth rate ہے۔ تو آپ اس کا کیا سد باب کریں گے صرف فیملی ویلفیئر یا فیملی پلاننگ۔ کیا اس سے کام چلے گا۔ آپ قوانین بھی سخت بنائیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہ سد باب اس سے پہلے کریں۔

میں کہتا ہوں کہ یہ ۲ لائنیں کچھ نہیں کریں گی۔ یہ ایک lip sympathy ہے۔ یہ ۶ مہینے یا ۱۵ ہزار روپے کچھ بھی نہیں ہے ۔ لوگ پھر بھی ۵ کی بجائے ۱۵ آدمی لکھوا دیں گے۔ اس سے کیا فرق پڑے گا۔ کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ تجربے نے ماضی میں بھی بتایا ہے کہ اس سے فرق نہیں پڑے گا اور census سے پہلے یہ ٹائم جو ڈاکٹر صاحب نے بتایا اس میں یہ ٹائم کافی ہے۔ آپ پورے قانون کو ایک دفعہ پوری طرح سے review کریں اور اس میں چاروں صوبوں کے نمائندے جو پارلیمنٹ میں موجود ہیں، ان میں سے آپ لے لیں اور ان کے تجربے سے آپ استفادہ کریں ۔ ان کے ساتھ بیٹھ کر پورے قانون کو review کریں ۔ اس کے بعد implementation cell جو ہے۔ جس سے ناراض ہوتے ہیں ان کو census enumerators کیا جاتا ہے۔ جن سے ناراض ہوتے ہیں ان کو enumerators کرتے ہیں جو جاکر لکھتے ہیں۔ یہاں کہتے ہیں کہ پولیس ہوگی، پیرا ملٹری فورس ہوگی۔ جناب ، وہ کیا کریں گے۔ گھر گھر تو کوئی نہیں جاتا اور گھر کا حساب بھی کوئی نہیں کر سکتا۔ اس لئے میں عرض کرتا ہو ں کہ یہ بہت ہی اہمیت کی حامل بات ہے۔ اور بھی اہم باتیں ہیں لیکن خود اقتصادی صورتحال کے لئے یہ بہت ہی اہم سوال ہے کہ اس قانون کو پورے قانون کو جو ۱۹۵۹ء میں بنا ہے۔ اس وقت کے حالات اور ۱۹۹۷ء کے حالات بہت مختلف ہیں۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ وزیر خزانہ صاحب، جو حساب

کتاب کے اپنے آپ کو ماہر کہتے ہیں، وہ عوام کا پہلے حساب کریں پھر روپے کا حساب کریں۔ سرفہرست لوگوں کا حساب کریں پھر روپے کا حساب کریں۔ سزا کوئی معنی نہیں رکھتی ۔ ۱۵ ہزار یا ۶ مہینے جیل سے کچھ نہیں ہوتا۔ لوگ ۱۵ ہزار دے دیں گے اور پھر ۱۵ ہزار لوگ لکھوا بھی لیں گے تو اس سے کیا فرق پڑے گا میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: خواجہ صاحب۔

Khawaja Qutabuddin: Thank you, sir. Sir, I have the floor.

جناب چیئرمین! اس بل کی وجہ سے illegal immigrants کے subject کے اوپر بحث شروع ہوئی۔ تقریباً چند ہفتے پہلے میں نے اسی ایوان میں ، اسی سینٹ میں illegal immigrants کے بارے میں بحث شروع کرنے کی کوشش کی تھی اور کچھ میں نے illegal immigrants کے بارے میں تقریر بھی کی۔ یہ ایک بڑی human tragedy ہے جوکہ چیئرمین صاحب نے اس وقت اس چیز کو recognize کیا اور یہ کہا کہ باقاعدہ بحث کے لئے اس کا motion move کیا جائے۔ ظفر صاحب نے کہا کہ میں اس کا motion move کروں گا لیکن پتہ نہیں کن وجوہات کی بنا پر وہ motion move نہیں ہو سکا۔ بہرحال میں اس ایوان کے ۲ منٹ لوں گا۔ illegal immigrants کا جو مسئلہ ہے اس کے ۲ حصے آپ کر سکتے ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ افغان مہاجرین کا مسئلہ اور جو کہ بلوچستان میں بھی ہیں اور صوبہ سرحد میں بھی ہیں۔ وہاں بڑی آسانی کے ساتھ آپ ان کو separate کر سکتے ہیں۔ ان کو واپس بھیج سکتے ہیں اور تمام یونائیٹڈ نیشن ایجنسیاں وغیرہ وہ سب آپ کے ساتھ cooperate بھی کریں گی اور اس میں آپ کو مدد بھی کریں گی۔ رہا صوبہ سندھ کا مسئلہ، وہاں Former East Pakistani کے لوگ کثرت سے آباد ہیں۔ یہ پاکستانی ہیں، پاکستانی تھے اور اب بھی پاکستانی ہیں۔ ہم ان کو صرف اس بنا پر کہ وہ East Pakistan کے ہیں یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ وہ پاکستانی نہیں ہیں۔ اب اس کا مسئلہ آپ سنئے، ان کو ہم illegal immigrants کہتے ہیں، یہ سارے کراچی میں زیادہ تر مختلف کالونیوں میں sub-human conditions میں رہ رہے ہیں۔ اپنے آپ کو چھپا رہے ہیں۔ میں اسی وجہ سے کہتا ہوں کہ یہ ایک بڑی human tragedy ہے۔ یہ انسان ہیں، انسانی ہمدردی کے لحاظ سے بھی اگر دیکھا جائے تو ان کے اوپر رحم کرنا چاہیئے۔ وہ ہر طرف سے exploited ہیں، گورنمنٹ کی، ایجنسیز، پولیس، ڈیپارٹمنٹس، کوئی بھی لے

لیں، ان لوگوں کو exploit کیا جا رہا ہے۔ they are the worst exploited people in Pakistan
Now the question is what can you do about them? کیا آپ ان کو پکڑ کر ایسٹ پاکستان بھیج دیں گے۔ کیا آپ ان کو پکڑ کر انڈیا بھیج سکتے ہیں۔ یہ میں نے بحث کی تھی اپنے وزیر داخلہ صاحب سے بھی۔ آپ اگر انہیں جہاز میں بھر کر ایسٹ پاکستان بھیجتے ہیں تو وہاں کی گورنمنٹ جو کہ بنگلہ دیش گورنمنٹ ہے وہ آپ کے جہاز کو اترنے ہی نہیں دے گی۔ تو آپ انہیں کہاں لے جائیں گے، کس ملک میں لے جائیں گے۔ مجھے یہ بتائیے کہ جو پاکستانی اس وقت بنگلہ دیش میں ہیں، جنہوں نے opt کیا تھا اور کافی زمانے تک وہ پاکستان کے لئے آواز بلند کرتے رہے، یہ فیصلہ بھی ہو گیا کہ یہ پاکستان آ سکتے ہیں، یہ اس وقت تک نہیں آ سکتے، بنگلہ دیش اس وقت تک پاکستان کو نہیں بھیج سکتا جب تک پاکستان یہ نہ کہے کہ ہاں جناب اب آپ بھیج سکتے ہیں، وہ جہاز پاکستان میں اتر سکتا ہے۔ تو یہ مسائل موجود ہیں۔

میرے خیال میں sensus سے پہلے یہ illegal immigrants کا مسئلہ طے کرنا ہو گا اور یہ limitations جو آپ کے سامنے ہیں، یہ جو human beings کا آپ کے سامنے مسئلہ ہے۔ آپ بارہا human rights کی بات کرتے ہیں، human پہ accesses کی بات کرتے ہیں۔ human rights violation کی بات کرتے ہیں۔ اس بات کے اوپر اپنے شاہ صاحب نے بڑی زور دار تقریر کر دی لیکن انہوں نے اس کی طرف pointedly نشاندہی نہیں کی۔ ان کا reference اسی طرف تھا کہ آج ہم اتنے بے حس ہو گئے ہیں کہ ہم صرف اپنی خاطر، اپنے selfish interest کی خاطر ان سے یہ کہیں کہ جناب یہ پاکستانی نہیں ہیں، انہیں نکال باہر کرو۔ کس طریقے سے ان کو باہر نکالیں گے۔ مجھے بتائیے تو کوئی mechanics ہی بتائیے، آج وہ جس طریقے سے رہ رہے ہیں، ذرا جا کر دیکھیں، شاہ صاحب تو بڑے آرام سے رہتے ہوں گے اور ان کے جیسے کئی وڈیرے بڑے عیش و آرام سے رہتے ہیں۔ آج جا کر ان کو دیکھئے ان کے حالات کو دیکھئے، ایسٹ پاکستان بن جانے سے پہلے وہ یہاں موجود ہیں، لیکن آج بھی ان پر illegal immigrants کا چھاپہ ہے۔ آج ہر جگہ بھتے دیتے ہیں وہ، ہر جگہ exploit ہوتے ہیں، ان کا بھی کوئی بولنے والا تو ہو، ان کے لئے بھی کوئی سوچنے والا ہو۔ بارہا یہاں پہ کھڑے ہو کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ جناب یہ illegal immigrants ہیں، ان کو نکالا جائے۔ اگر ہسٹری دیکھی جائے تو کئی لوگ اس کے زمرے میں آ جائیں گے۔ یونائیٹڈ اسٹیٹس میں یہی بحث ہو رہی تھی کہ illegal immigrants ہیں تو وہاں یہ

بحث آئی جو ٹی وی پر، CNN پر بہت سارے لوگوں نے دیکھا ہو گا، انہوں نے کہا کہ شرم کرو کہ تم اس قسم کی بات کرتے ہو، یہ United State is a Nation of Immigrants ، اسے immigrants نے بنایا۔ آپ illegal immigrants کی بات کرتے ہیں، میں کہتا ہوں illegal immigrants نہیں ہیں وہ پاکستانی ہیں جو کہ ایک زمانے سے، ایک عرصہ سے یہاں پر رہتے ہیں۔ فرض کیجئے کہ اگر ہیں، تو آپ کیا کریں گے، کیا بنگلہ دیش ان کو accept کرے گا، کیا انڈیا ان کو accept کرے گا، تو کیا آپ ان کو پانی میں ڈبو دیں گے، دھکا دے دیں گے۔ میں کہتا ہوں کہ اس پر ایک full scale debate ہونی چاہیئے پارلیمنٹ میں، قومی اسمبلی میں اور سینٹ میں اور ان کے بارے میں یہ سوچا جائے کہ ان کا کیا کیا جائے تا کہ ان کو legalize کیا جائے۔ once and for all ایک amnesty دی جائے تا کہ یہ لوگ disburse ہوں۔ شاہ صاحب کو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو hurdle ہو کے وہاں concentration ہوا ہے، وہ صرف اس لئے ہوا ہے کہ وہ اپنی safety دیکھتے ہیں، وہ escape کرنا چاہتے ہیں کہ بھئی یہ کہیں نہ کہیں sub-human conditions میں اپنے آپ کو چھپا کر رکھا ہوا ہے۔ جس وقت آپ ان کو legalize کریں گے، جب آپ amnesty دیں گے تو یہ سب move out ہوں گے، یہ انڈسٹری جو آج کل ان کو exploit کرتی ہے in terms of jobs ان کو تنخواہیں بھی کم ملتی ہیں، ان کو wages بھی کم ملتی ہیں۔ انڈسٹری بڑی خوش ہے کہ ان کو بڑی cheap labour مل رہی ہے، لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب ان کو amnesty دی جائے گی تو یہ ایک free citizens کی طرح اس ملک میں رہیں گے اور وہ سارے ملک میں اپنا روزگار تلاش کر سکیں گے۔ تو جناب چیئرمین! میں نے پہلے بھی یہ عرض کیا تھا اور اب بھی عرض کرتا ہوں کہ اس سلسلے میں ایک موشن لایا جائے۔ اس پر باقاعدہ debate کی جائے اور جو رائے میں نے express کی ہے اور جو feelings اور جو میں نے opinion express کیا ہے اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ آپ ان تمام چیزوں کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ humanity کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ حقیقت میں یہ اس ملک کی سب سے بڑی tragedy ہے، human tragedy جس کو ہمیں redress کرنا ہو گا اور میں اس کو totally separate رکھ رہا ہوں to the problems, which are being faced in the Frontier as well as in Balochistan. Thank you Mr. Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب طاہر بزنجو صاحب۔

جناب محمد طاہر بزنجو: جناب والا! یہ کافی sensitive bill ہے اور میری رائے میں ملک کا کوئی بھی ذی شعور اور با شعور شہری مجھ سے اتفاق کرے گا کہ مہاجرین کی موجودگی میں، خواہ وہ ایرانی ہیں یا افغانی، صومالین ہیں یا کسی اور ملک سے ان کا تعلق ہے، ان کی موجودگی میں منصفانہ مردم شماری ممکن ہی نہیں۔ مجھے علم نہیں ہے کہ ان کی وجہ سے صوبہ سندھ، فرنٹیئر یا پنجاب میں کس قسم کے مسائل پیدا ہوئے ہیں، یا وہ کتنی حد تک اس مخصوص صوبے کو متاثر کر رہے ہیں لیکن بلوچستان کے حوالے سے میں یقین و وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ مہاجرین کی وجہ سے بلوچستان میں بہت سے مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ جیسا کہ ہمارے بہت سے رفقاء کی بھی یہ رائے ہے کہ ہمارا ملک پوری دنیا میں واحد ملک ہے جہاں پر مہاجرین کو تجارت کا حق ہے، کاروبار کا حق ہے، شناختی کارڈ وہ بنوا سکتے ہیں، الیکشن میں وہ حصہ لے سکتے ہیں، کلاشنکوف کا کاروبار وہ کر سکتے ہیں، ہیروئن کا کاروبار وہ کر سکتے ہیں۔

جناب والا! ان کی وجہ سے ملک میں ہمیں جو تحفے ملے ہیں، ان میں کلاشنکوف کلچر کا تحفہ ہے، ہیروئن کا ہمیں تحفہ ملا ہے، مذہبی تنگ نظری کا ہمیں تحفہ ملا ہے اور اس حقیقت سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا ہے کہ ہمارے ملک میں چند مہینے پہلے جو sectarian violence تھے، میں سمجھتا ہوں کہ اس میں بھی ان کا بہت ہاتھ ہے۔ اس لئے ہماری رائے ہے کہ چونکہ یہ مسئلہ بہت sensitive مسئلہ ہے۔ یہ مسئلہ بہت ہی پیچیدہ مسئلہ ہے، اس لئے چاروں صوبوں کے نمائندوں کو اعتماد میں لے کر مردم شماری کرائی جائے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی جناب تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر: جناب والا! شکریہ بہت بہت۔ میں اس بل پر کچھ عرض نہیں کرنا چاہ رہا تھا لیکن سینیٹر قطب الدین نے جو باتیں کی ہیں، ان پر میں سخت احتجاج کرتے ہوئے کچھ گزارشات کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے ان تارکین وطن، مزدوروں کے حالات پر کراچی میں، جن کی تعداد کچھ estimates کے حوالے سے بیس لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ بڑی انسانی ہمدردی کی باتیں کی ہیں کہ ان کے حالات خراب ہیں۔ جناب عالی! اصل بات یہ ہے کہ جو کراچی کے صنعتکار ہیں، جو ٹیکسٹائل مافیا ہے، جو گارمنٹس انڈسٹری ہے، جو فشریز کا مافیا ہے، جو وہاں پر لوگ زراعت کر رہے ہیں۔ ان کا اپنا interest اس بات میں serve ہوتا ہے کہ cheap labour کراچی کے اندر آئے، بنگالی labour آئے، اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے ان سے کام لیا جائے اور ان کو معمولی wages دیئے

جائیں۔ اس سے ہمارے مزدوروں پر کیا اثر پڑتا ہے۔ جناب عالی! جو labour laws ہمارے ملک کے اندر ہیں ان پر کسی قسم کا عملدرآمد نہیں ہو رہا اس لئے کہ کراچی کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کے اندر ساری کی ساری contract labour لی جاتی ہے، بھیڑ بکریوں کی طرح ان بنگالیوں کو لے لیا جاتا ہے اور ہمارے اپنے لوگوں کو مزدوری نہیں ملتی اور نہ ہی کسی قسم کے labour laws ان پر apply ہوتے ہیں۔ جس وقت میں حکومت سندھ کے اندر تھا، جس وقت کہ حکومت سندھ نے یہ بات کی کہ ہم ان کے خلاف ایکشن لیں گے تو یہ سارے کا سارا ٹیکسٹائل مافیا، یہ انڈسٹریل مافیا کھڑا ہو گیا کہ اگر آپ اس cheap labour کو یہاں سے نکال دیں گے تو ہماری exports affect ہوں گی۔ ہم export نہیں کر سکیں گے، ہماری cost of production بڑھ جائے گی۔ جناب اس وقت تو آپ کو پریشانی ہوتی ہے لیکن آپ پاکستانیوں کو minimum wages کیوں نہیں دے سکتے۔ جو قانون پاکستانی مزدوروں کے لئے پاس کئے گئے ہیں وہ قانون آپ ان پہ apply کیوں نہیں کر سکتے۔ اب اس کے لئے آپ باہر سے مزدور منگاتے ہیں۔

اس کے بعد جناب عالی! جو پاکستان مسلم لیگ نے کراچی میں کیا ہے، جو سب زیادہ بڑی گڑ بڑ کی ہے وہ یہ کہ لاکھوں کی تعداد میں ان illegals کو، ان غیر ملکیوں کو، ان تارکین وطن کو نہیں بلکہ جو ہمارے ملک کے اندر گھس کر آئے ہیں ان کو ووٹروں کی حیثیت سے رجسٹر کیا ہے اور ان کے ووٹ لئے ہیں۔ ان کے ووٹوں کی بناء پہ کراچی کے اندر مسلم لیگ نے اپنی presence بنائی ہے۔ اس طریقے سے یہ ایک انتخابی بدعنوانی بہت بڑی ہوئی ہے کہ غیر ملکیوں نے یہاں پہ ووٹ دیئے۔ میں سینیٹر خواجہ قطب الدین سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ export کی بات کرتے ہیں کیا انہوں نے وہ حساب لگایا ہے کہ کراچی کے اندر جو 20 لاکھ غیر ملکی ورکر ہیں اور ان میں سے اگر ایک ایک آدمی ہزار روپے بھی اپنے وطن واپس بھیج رہا ہے تو کتنی ملکی دولت اور سندھ کی دولت ملک سے باہر جا رہی ہے اور کتنی illegally وہ ملک کے باہر جا رہی ہے، کتنے crimes وہاں ہو رہے ہیں، کیا صورت حال وہاں پیدا ہوئی ہے۔ ٹھیک ہے میں یہ تقسیم نہیں کرتا، میں انسانیت کے اندر تقسیم نہیں کرتا۔ ہر ملک کے مزدور سے مجھے ہمدردی ہے لیکن جناب عالی! سندھ کے مزدور سے بھی ہمدردی ہے، میں سندھ کے مزدور کو، سندھ کے کسان کو، سندھ کے ماہی گیر کو کیسے neglect کروں۔ آخر اس کے بھی کچھ حقوق ہیں، آخر اس کا بھی روز گار پہ حق ہے، آخر اس کو بھی wages چاہیئیں، اس کے بھی بیوی بچے ہیں۔ یہ صورتحال صرف اس وجہ

سے ہو رہی ہے کہ کراچی کے صنعتکار کا مفاد اس چیز کے اندر ہے کہ یہ illegal لوگ آتے رہیں۔ جناب عالی! باقاعدہ ایک مافیا ہے flash trade کا جو وہاں سے یہاں تک لے کر آتا ہے اور کس طریقے سے ان کے identity card بنوائے جاتے ہیں، کس طریقے سے passport بنائے جاتے ہیں، کس طریقے سے ان کی عورتیں اغواء کی جاتی ہیں، کس طریقے سے ان کو prostitution کے اندر لیا جاتا ہے۔ یہ پورا ایک سلسلہ ہے۔ کتنے لوگ رستے کے اندر مارے جاتے ہیں، کیا کیا وہاں پہ اس وجہ سے جرائم ہو رہے ہیں ۔یہ سارے کا سارا اس وجہ سے ہے کہ کراچی کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کو زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے لئے یہ cheap labour چاہئیے۔ جناب عالی! اس کو ہمیں ہر قیمت پہ روکنا ہے، کیونکہ اگر اسے ہم نہیں روکتے تو نہ ہم اپنے لوگوں کے حقوق کا تحفظ کر سکیں گے اور نہ ہم ملکی دولت کو بچا سکیں گے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب حاجی دلاور صاحب۔

حاجی دلاور خان۔ جناب چیئرمین صاحب شکریہ۔ گزارش یہ ہے کہ چھ مہینے اور پندرہ ہزار روپے جرمانہ رائے شماری کا ہو رہاہے۔ جناب اس کے اصول ہونے چاہئیں ،جرمانے یا سزا سے کچھ نہیں ہوتا ہے۔ آپ یقین کریں جس طرح افغان مہاجروں کی بات ہو رہی ہے، افغان مہاجروں کی صوبہ سرحد میں یا قبائلی علاقوں میں تعداد اتنی زیادہ ہے کہ علاقے کے جو local لوگ ہیں ان سے بھی زیادہ ہے۔ مثال کے طور پہ ہر فاٹا ایجنسی میں، ہر ایجنسی میں آبادی تقریباً دو اڑھائی لاکھ ہوتی ہے۔ اس سے ان کی تعداد زیادہ ہوتی ہے لیکن رائے شماری اس وقت تک نہیں ہوسکتی جب تک یہ فارنر ، ہمارے بھائی پاکستان میں رہیں گےکیونکہ اس کا شناختی کارڈ بھی ہو گا ، پاسپورٹ بھی ہو گا۔ آپ یقین کریں کہ آپ جائیے پشاور ، صوبہ سرحد کے ہر بازار میں آج کل کسی پاکستانی کی دکان نہیں ہے، کوئی دکان نہیں ہے، سب دکانیں ان کی ہیں۔ جاؤ جی، لنڈی کوتل سے ادھر پشاور تک تقریباً ہزاروں کی تعداد میں دکانیں ہیں۔ آپ بتائیں کون سا فاٹا والا دکاندار وہاں پر ہے۔ تمام افغان مہاجر ہیں، جناب جب تک صحیح رائے شماری نہ ہوجائے تو ہمارا معاملہ خراب ہوگا۔ فاٹا والاتو غرق ہے آپ یقین کریں 1971 میں ہماری مہمند ایجنسی کی آبادی ساڑھے تین لاکھ تھی پھر 1981 میں ہم ڈیڑھ لاکھ ہوگئے الحمداللہ ۔ دو لاکھ کدھر گئے ۔یہ اس لئے کہ رائے شماری نہیں ہوتی ہے۔ غلط ہوتا ہے۔ اس کے لئے کوئی ایسا پروگرام بنائیں تاکہ ہر آدمی اس دن

اپنے گھر میں موجود رہے اور اس پر پابندی لگائیں کہ گھر سے باہر نہ جائے۔ جو ملازمین رائے شماری کریں اس پر کوئی ایسا سربراہ علاقے کا یا حکومت کا مقرر کریں کہ آپ نے اگر غلطی کی تو آپ کو چھ مہینے نہیں آپ کو بیس سال سزا دی جائے گی تب کام صحیح ہوگا۔ لیکن فاٹا میں تو صرف سکول میں رائے شماری ہوتی ہے ۔ فاٹا میں ماسٹر صاحب کبھی بھی علاقے میں نہیں گیا ہے۔ نہ گاؤں میں گیا ہے وہ وہیں بیٹھ کر ملکوں سے پوچھتا ہے کہ فلاں گاؤں میں کتنے آدمی ہیں کتنے مکان ہیں، تمام فاٹا میں یہی ہوتا ہے ۔ آپ اگر آج فاٹا کا حساب کتاب کریں تو وہاں ایک کروڑ سے زیادہ آبادی ہے

Mr. Acting Chairman: Raza Rabbani Sahib on point of order.

Mian Raza Rabbani: Sir, I will just, practically, only take two minutes because a lot has been said on this, by the honourable Seantors and I think a lot of positive things have been said. I will just state and draw the attention of the honourable Minister for Finance to the fact that issue of census is very sensitive and it has occupied the minds of successive governments and each successive government has been unable to go through the exercise of the census. The question of census, the mode in which census would be undertaken and completed, creates a great deal of reservations in the minds of the citizens of all the four Provinces of Pakistan but particualrly so, the smaller provinces of Pakistan. The smaller federating units are not satisfied with the mode and the modus operandi that would be adopted for the undertaking of the census. Therefore, I would most humbly request that this is quite natural because, as was very rightly pointed out by Dr. Safdar Abbasi, the question of the distribution of resource, the question of representation in Parliament flows from the new Census. So, therefore, it is very necessary that each federating unit must be satisfied in the manner in which the census is to be conducted.

My suggestion to the Government is sir, that the Senate of Pakistan is a House where all the federating units are evenly represented, where almost every shade of political opinion is represented. I would, therefore, request the honourable Finance Minister that, in the next session if it is not possible in this session, because I think members don't have sufficient notice as well, that in the next session a day or two days may be allocated for a thorough debate and let each and every Senator speak and come out with concrete suggestions as to what should be the mode that should be adopted in the taking of the Census. Therefore, I would request the honourable Finance Minister that let this forum of the Senate which represents the federating units in equal numbers. Let this forum have a debate and let it formulate suggestions, which would, I am sure, be helpful to the Government in formulating the final method under which the census is to be undertaken. Thank you, Sir.

Mr. Acting Chairman: Minister for Finance.

جناب سرتاج عزیز۔ جناب والا! میں تمام ممبران سے اتفاق کرتا ہوں کہ مردم شماری ایک بہت ہی اہم قومی فریضہ ہے۔ یہ ایک چیلنج ہے اور کافی حساس subject ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے، پچھلے سولہ سال سے مردم شماری نہیں ہو سکی اور یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ اتنا اہم قومی فریضہ ہم ابھی تک پورا نہیں کر سکے۔ یہ بات بھی صحیح ہے کہ بہت سے افراد، گروہوں، صوبوں کی خواہش ہے کہ ہمارے صوبے کو نقصان نہ پہنچے۔ اگر کسی اور صوبے نے اپنی آبادی بڑھائی اور وسائل کی تقسیم کرنے کا جو فارمولہ ہے یا سیٹوں کے حوالے سے ان کا نقصان نہ ہو۔ یہ ایک قسم کا رجحان بن جاتا ہے کہ چونکہ دوسرے مردم شماری کے نتائج کو مبالغہ کرکے متاثر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو ہمیں بھی کچھ کرنا چاہیئے۔ اس حوالے سے جس طرح عالی صاحب نے کہا ہمیں اخلاقیات کے حوالے سے اور سیاست کے حوالے سے اور قومی فریضے کے لحاظ سے بھی تمام سیاسی جماعتوں کو اس بات کا احساس کرنا چاہیئے کہ ہم اس سارے عمل کو ایک بہت ہی

مثبت اور بہت ہی سنجیدگی سے دیکھیں کہ آیا ہمارے لئے بطور قوم کے یہ بات صحیح ہے کہ اس قسم کے عمل میں ہم اتنا مبالغہ کریں کہ نتائج بےمعنی ہو جائیں۔ ممبران کو پتہ ہوگا کہ لبنان میں مسلمانوں اور عیسائیوں کی آبادی کا تناسب بہت اہم سیاسی مسئلہ بنا ہوا ہے۔ لہذا وہاں چالیس سے مردم شماری نہیں ہو سکی۔ ہم بطور قوم کے لبنان نہیں بننا چاہتے ۔ ہمیں بطور ایک سنجیدہ قوم کے دنیا کو بتانا ہے کہ ہم مردم شماری کر سکتے ہیں۔ اور صحیح مردم شماری کر سکتے ہیں اس لئے تمام سیاسی جماعتوں کا فرض ہے کہ وہ بجائے اس کے کہ ان نتائج کو مسخ کرنے میں مقابلہ کریں ، مردم شماری صحیح کرنے میں مقابلہ کریں کہ ہم انشاء اللہ صحیح مردم شماری کریں اور کسی دوسرے کو یہ موقع نہیں دیں گے کہ وہ ان نتائج کو خراب کرے یا ان میں مبالغہ کرے۔ یہ بات بھی صحیح ہے کہ صرف جرمانے بڑھانے سے یا قید کی میعاد بڑھانے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔ اس میں بہت سے safeguards یا اقدامات کی ضرورت ہے اور میں ان کا مختصراً ذکر کرنا چاہتا ہوں۔

سب سے پہلا مسئلہ جیسا کہ حئی صاحب اور دوسرے دوستوں نے پیش کیا وہ یہ ہے کہ جو یہاں پر مہاجرین یا غیرملکی لوگ ہیں ان کا کیا ہوگا۔ ہمارے مردم شماری کے فارم میں clearly laid down ہے کہ جو غیر ملکی ہیں ان کی مردم شماری ہو سکتی ہے لیکن وہ final count میں نہیں آئیں گے ۔ اس میں کالم ہے جہاں پر آپ کہہ دیں گے کہ بنگالی ہے یا افغان ہے یا کوئی اور ہے وہ آپ درج کر سکتے ہیں ۔ اس حوالے سے صوبہ سرحد حکومت کا یہ مسئلہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ افغان مہاجرین کہاں ہیں کس کس کیمپ میں ہیں کوئی اکا دکا اگر نکل گیا تو نکل گیا، ہم 80, 90 percent کو capture کر سکتے ہیں اور یہ ensure کر سکتے ہیں کیونکہ صوبائی حکومت نے ہی مردم شماری کرنی ہے ، کہ وہ مردم شماری میں نہ آئیں ۔ بلوچستان کی حکومت نے کہا کہ ہمیں تفصیل سے نہیں معلوم کہ وہ کہاں ہیں۔ ہم اس مقصد کے لئے ایک سروے کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہم وقت سے پہلے تعین کر لیں کہ اس محلے میں اتنے ہیں، اس میں اتنے ہیں اس جگہ اتنے ہیں یعنی ان کا ایک mini census پہلے سے کر لیں تاکہ بعد میں ہم ان کو final census میں شمار نہ کریں۔ اس مقصد کے لئے ہم نے پچاس لاکھ کی گرانٹ بلوچستان حکومت کو دی اور انہوں نے یہ سروے مکمل کر لیا ہے ۔ مردم شماری کو ملتوی کرنے میں ایک مقصد یہ بھی شامل تھا کہ اکتوبر تک وہ کام نہیں کر سکے تھے۔ اب صوبائی حکومت کو پورا علم ہے کہ جو غیر ملکی اشخاص ہیں ایرانی یا افغانی یا دوسرے وہ کہاں اور کس جگہ

موجود ہیں تو مردم شماری کے عملے کے ساتھ ساتھ وہ فہرستیں موجود ہوں گی کہ یہ لوگ غیرملکی ہیں ان کو شامل تو کریں گے لیکن ملکی میں نہیں ان کا شمار غیرملکی میں آئے گا۔

اسی طریقے سے وزارت داخلہ نے کراچی اور دوسرے علاقوں میں جو غیرملکی اشخاص ہیں ان کا سروے کر لیا ہے۔ ان کے پاس ان کے اعداد و شمار موجود ہیں ممکن ہے اس میں دو، چار یا پانچ فیصد کا فرق آ جائے لیکن مجموعی طور ہم نے یہ انتظامی اختیار کر لی ہے کہ زیادہ تر ان لوگوں کو شمار نہ کیا جائے۔

دوسری چیز انتظامی ہے اور اسی لئے یہ جو قانونی مسئلہ ہے یہ بہت محدود ہے اس میں جو انتظامی ایکشن ہے ان سرویز کے علاوہ وہ ہم انشاء اللہ ensure کر رہے ہیں کہ ہماری مردم شماری صحیح ہو۔ اس میں فوج کی نگرانی کو بہت بڑا دخل حاصل ہے۔ اس کے لئے ان کو سپیشل ٹریننگ دی گئی ہے۔ خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں تا کہ بہت extensive scale پر supervision ہو تا کہ اگر مقامی سطح پر کسی census officer کو یا جو آدمی supervise کر رہا ہے یا count کر رہا ہے اس کو temptation ہو کہ میں اس میں کچھ مبالغہ کروں تو وہ اسے نہیں کرنے دے گا۔ اس حوالے سے اگر ان انتظامات کے ساتھ تمام سیاسی جماعتیں اور گروہ اعادہ کر لیں کہ یہ قومی فریضہ ہے ایک challenge ہے اس میں ہمیں صحیح طریقے سے شامل ہونا ہے تو مجھے یقین ہے کہ ہم کافی حد تک اپنے مقاصد کو پورا کر سکیں گے کہ ہم اچھا اور صحیح census کریں۔ سوال پوچھا گیا کہ اب تک یہ census آپ نے postpone کیا تو اس سے کیا فائدہ ہوا۔ ایک تو میں نے ذکر کیا کہ بلوچستان کا سروے complete ہوا۔ اس سے زیادہ اہم چیز national data base ہے census میں جو data آتا ہے وہ قانون کے مطابق open نہیں ہوتا count آپ لے لیتے ہیں لیکن اس میں آپ اور کوئی بات نہیں کر سکتے ہیں۔ تو یہ پہلی دفعہ چوں کہ computers موجود ہیں اور ہم ایک national census کر رہے ہیں تو اس سے ہمارا ایک national data base develop ہو سکتا ہے جو صرف advanced countries میں ہے بہت کم developing countries میں ہے ایسا national data base۔

پچھلے چھ ہفتے میں کئی کمیٹیاں بنائی ہیں۔ انہوں نے وہ national data base کا فارم مکمل کر لیا ہے۔ اس فارم کی اب کوئی آٹھ کروڑ یا کتنی کاپیاں چھپنی ہیں۔ وہ چھپائی کا حکم دیا جا چکا ہے اور انشاء اللہ 15 فروری تک وہ فارم چھپ جائیں گے۔ جب house listing ہو گی تو

ہمارے جو enumerators ہیں وہ اس وقت house listing کے ساتھ ساتھ national data base کا فارم ہر گھرانے کو دے دیں گے۔ جب چار یا پانچ دن کے بعد وہ واپس جائیں گے تو اس وقت وہ national data base کا فارم لے لیں گے۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہو گا کہ اس فارم کے اوپر ہم verification کے بعد نئے computerised ID Cards issue کر سکیں گے اور یہ جو جعلی کارڈز ہمارے ملک میں ہر طرف پھیلے ہوئے ہیں یہ انشاء اللہ غائب ہو جائیں گے۔ سال ڈیڑھ میں جب ہم یہ نئے کارڈوں کا سلسلہ شروع کر سکیں گے۔ اس کے بعد ممانعت نہیں ہو گی جو نئے آئیں گے وہ اس کے مطابق کارڈ لے سکیں گے لیکن computerised ID Cards جو جس طریقے سے ہم بنانے لگے ہیں اس کو duplicate کرنا یا آسانی سے جعلی بنانا جو لوگ مشینیں لگا کر بناتے ہیں وہ نہیں ہو گی اور اس سے ہمارا انشاء اللہ جتنے بھی لاکھوں جعلی کارڈز بن چکے ہیں وہ ہم ختم کر سکیں گے اور یہ بہت بڑی achievement ہو گی ۔ اسی طرح ہم passports کو computerise کر رہے ہیں تا کہ جو جعلی پاسپورٹس ہیں وہ آئندہ اس طریقہ سے نہ آئیں ۔

ایک ذکر ہوا قانون کا کہ یہ قانون 59 کا ہے اس کو تبدیل کرنا چاہئے۔ اس قانون کے تحت اب تک تین census ہو چکے ہیں اور مجموعی طور پر اچھے census ہوئے ہیں 61ء میں 71ء میں اور 81ء میں۔ تو قانون میں بنیادی خرابی نہیں ہے خرابی آتی ہے جب implementation ہوتی ہے اور census سٹاف اس کو پوری طرح follow نہیں کرتا جیسا کہ میں نے پہلے کہا 91ء اس میں کچھ تبدیلیاں ہوئی ہیں ۔ دو معمولی تبدیلیاں ہم اب کر رہے ہیں اگر عاقل شاہ کی تجویز پر عمل کیا جائے تو پھر وہ غالباً مارچ میں census نہیں کر پائیں گے کیوں کہ اس میں جو وقت لگے گا وہ دو تین مہینے سے زیادہ لگے گا لیکن اگر کوئی ممبر یہ سمجھتا ہے کہ اس میں نئے قانون کی ضرورت ہے تو ہم اس پر amendment Bill لا سکتے ہیں بلکہ ضرورت پڑنے پر Ordinance بھی issue کر سکتے ہیں لیکن ہم نے جو تجزیہ کیا ہے اگر کوئی ایسی بات ہوتی، قانون میں ہمیں کوئی سقم نظر آتا تو ہم ضرور اس amendment کے ساتھ وہ amendment بھی لے آتے لیکن اگر کسی اور amendment کی کوئی ممبر ضرورت سمجھے تو وہ ضرور ہمارے نوٹس میں لائے ہم اس میں ترمیم کر سکتے ہیں۔

آخر میں، میں یہ کہوں گا کہ جو تجویز شیخ رشید صاحب نے دی ہے اور رضا ربانی صاحب نے بھی دی ہے کہ اس پر تفصیلی briefing ہونی چاہئے تاکہ سینٹ کی تجاویز اور رائے اس میں

شامل ہو، اس کے لئے ہم بالکل تیار ہیں ۔ میری تجویز صرف یہ ہو گی کہ اگر متعلقہ کمیٹی میں کی جائے اور تمام ممبران کو وہاں مدعو کیا جائے تو وہاں افسران آ کر بھی briefing کر سکتے ہیں کہ کس طریقے سے ہم یہ کام کر رہے ہیں۔ تو مقصد وہی ہو گا کہ تمام ممبران اس میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن اگر کمیٹی کے stage پر ہو تو اس میں افسران متعلقہ بھی شامل ہو سکیں گے اور وہ تفصیل سے جو پلان ہے اسے بیان کر سکیں گے۔ اس کے بعد اگر کوئی آپ پالیسی لیول پر ضروری سمجھیں کہ یہاں debate ہونی چاہئے لیکن briefing کے لئے عباسی صاحب اس کے چیئرمین ہیں وہ اگر اس کے لئے اگلے مہینے میٹنگ convene کریں اور اس کو ہم open کر سکتے ہیں to all members اور بڑے کمیٹی روم میں کر سکتے ہیں تا کہ تفصیل سے اس پر بات ہو جائے اور مجھے امید ہے کہ آپ کو یہ تسلی ہو گی کہ ہم نے جو اقدامات کئے ہیں وہ کافی موثر ہیں، جو انتظام کر رہے ہیں وہ بہت اچھے ہیں لیکن اگر مختلف political parties اور groups تہیہ کر لیں کہ ہم نے اس میں کچھ کرنا ہے تو پھر ہمارے انتظامات کامیاب ہو سکتے ہیں ۔ اگر تمام سیاسی جماعتیں اورخصوصاً اس سینٹ کے حوالے یہ اپیل کریں اور یہ اعادہ کریں کہ ہم نے اس census کو صحیح طریقے سے کرنا ہے تو مجھے یقین ہے کہ ہمارے انتظامات جو ہم نے کئے ہیں وہ کامیاب ہوں گے اور اگر اس میں جو moral responsibility ہماری ہے۔بطور قوم کے ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم census صحیح کریں، تو اس کا بہت اچھا اثر ہوگا۔ بلکہ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس مرحلہ پر سینٹ کی اور نیشنل اسمبلی کی ہمیں کمیٹیاں بنا کر ضلعوں میں assign کرنی چاہئیں کہ وہ وہاں پر مدد کریں census staff کی اور اس میں ہر کمیٹی میں ہرصوبے کا نمائندہ ہو۔ یعنی چاروں صوبوں کے نمائندے ایک ضلع میں جائیں اور وہاں پر مدد کریں اس اسٹاف کی تا کہ کوئی اس میں گڑبڑ کرنے کی کوشش کرے تو اس کی نشاندہی کریں۔ تو یہ بھی تجویز انشاء اللہ ہم سینٹ کی سطح پر کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ کچھ اور باتیں ہوئیں ہیں کہ allocation of revenues کیسے ہو، بنگالیوں کا کیا ہو، یہ اس بل کے احاطے سے باہر جاتی ہیں ۔ اگر ممبران اس پر بحث کرنا چاہتے ہیں تو اپنے طریقے سے اس پر دوبارہ کوئی نہ کوئی motion move کرکے debate ہو سکتی ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Acting Chairman: It has been moved by Mr. Sartaj Aziz, Minister for Finance, Economic Affairs and Statistics that the bill further to

amend the Census Ordinance, 1959 [The Census (Amendment) Bill, 1997], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

(The motion was carried.)

Mr. Acting Chairman: Now, we come to the second reading of the bill. The question is that Clause 2 do form part of the bill.

(The motion was carried)

Mr. Acting Chairman: Clause 2 forms part of the bill. The question is that Clause 1 relating to the Short Title and Preamble do form part of the bill.

(The motion was carried.)

Mr. Acting Chairman: The Clause 1 relating to the Short Title and Preamble forms part of the bill.

Mr. Sartaj Aziz: I beg to move, Mr. Chairman, that the bill further to amend the Census Ordinance, 1959 [The Census (Amendment) Bill, 1997], be passed.

Mr. Acting Chairman: It has been moved by Mr. Sartaj Aziz, Minister for Finance, Economic Affairs and Statistics that the bill further to amend the Census Ordinance, 1959 [The Census (Amendment) Bill, 1997], be passed.

(The motion was carried.)

Mr. Acting Chairman: The Bill stands passed.

اب اجلاس کل شام چار بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

[The House then adjourned to meet again at Four of the clock in the evening on Friday, the 5th December, 1997.]